Fairfax County
PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

# TWICE-EXCEPTIONAL (2e)
## HANDBOOK



**Guidance for families and schools to support the identification, instruction, and social-emotional wellness of 2e learners.**

# اظہارِ تشکر

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) *دُگنا غیر معمولی (2e) رہنما کتاب کی* تیاری اور نظرثانی کرنے میں کردار ادا کرنے والوں کی خدمات کا اعتراف کرتا ہے - FCPS انسٹرکشنل سروسز اور اسپیشل سروسز کے محکموں کے درمیان یہ باہمی تعاون کی کوشش 2017 ء میں ایک اصل 2e ہینڈ بک کمیٹی کے ساتھ شروع ہوئی اور تیار کرنے کے لیے جاری ہے - تعاون وا شتراک اور نتائج FCPS عملے کے ساتھ ساتھ FCPS طلبا و طالبات میں 2e طالبعلموں کے والدین اور علمبرداروں کی کوششوں کے مرہون منت ہیں -

یہ ماخذ اسکولوں اور خاندانوں کو شعوروآگہی اور عمومی رہنمائی فراہم کرنے کے لیے بنایا گیا تھا تاکہ 2e طالبعلموں کی شناخت ، تدریس ، اور سماجی و جذباتی تندرستی میں مدد مل سکے - FCPS میں ، ہر طالبعلم سے بطور ایک فرد رویہ اختیار کیا جاتا ہے - کوئی بھی رہنما کتاب تمام سوالات یا خدشات کی پیش بینی نہیں کر سکتی - ہر طالبعلم کی دوہری پروگرامنگ کی ضروریات پر اس کے انفرادی کوائف کی بنیاد پر باہمی طور پر تبادلہ خیال کیا جاتا ہے -

**سپرنٹنڈنٹ آف فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز**

Dr. Michelle Reid

**چیف اکیڈمک آفیسر آف فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز**

Dr. Sloan Presidio

**چیف ایکویٹی آفیسر آف فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز**

Dr. Nardos King

**اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ**

**ڈیپارٹمنٹ آف اسپیشل سروسز**

Dr. Terri Edmunds-Heard

**ڈائریکٹر آف کریکولم اینڈ انسٹرکشن**

**انسٹرکشنل سروسز ڈیپارٹمنٹ**

Colleen Eddy

**ڈائریکٹر آف اسپیشل ایجوکیشن انسٹرکشن**

**ڈیپارٹمنٹ آف اسپیشل سروسز**

Michael Bloom

**سینئر مینیجر III**

**ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز**

Dr. Kirsten Maloney

**سینئر مینیجر II**

**ملٹی ٹیئرڈ سسٹمز آف سپورٹ**

Dr. Karen Durocher

**ٹوائس ایکسیپشنل اسپیشلسٹ**

**ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز**

Dr. Nonye Oladimeji

**اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ**

**انسٹرکشنل سروسز ڈیپارٹمنٹ**

Noel Klimenko

یہ دستاویز صرف تعلیمی مقاصد کے لیے دوبارہ تیار اور تقسیم کی جا سکتی ہے -

**Fairfax County Public Schools, Fairfax, Virginia :**www.fcps.edu

# فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS)
# دُگنا غیرمعمولی (2e) طلبا وطالبات کی رہنما کتاب

## تعارف

FCPS دُگنا غیرمعمولی (2e) رہنما کتاب اسکولوں اور خاندانوں کو شعوروآگہی اور رہنمائی فراہم کرنے کے لیے تیار کی گئی تھی جو ان طالبعلموں کی شناخت ، تعلیمی کامیابی ، اور سماجی وجذباتی تندرستی سے منسلک ہے جو خداداد صلاحیتوں کے مالک ہیں اور سیکھنے کے مسائل یا معذوری سے دوچار ہیں ۔ یہ مواد 2e طالبعلموں ، خاندانوں، اور اسکول کے عملے کے درمیان مشترکہ تفہیم ، ذمہ داری ، اور تعاون کے ماڈل کے ذریعے 2e سیکھنے والوں کی ضروریات کو مؤثر طریقے سے پورا کرنے کے لیے پورے ڈویژن کے عزم وارادے کی عکاسی کرتا ہے ۔

اس رہنما کتاب کو مندرجہ ذیل حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:


- **باب I: 2e طالبعلموں پر طائرانہ نظر**
- **باب II: اسکول کے وسائل**
- **باب III:طلبا و طالبات اور خاندان**
- **باب IV: اضافی 2e وسائل و ماخذ**



2007 ء میں ، فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) نے طالبعلموں کو "فطین" کے طور پر لیبل لگانے کے بجائے طالبعلم کی خوبیوں کی نشاندہی کرنے اور وقت کے ساتھ ساتھ طالبعلموں کی تعلیمی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے اور ٹیلنٹ کو فروغ دینے کے لیے تیار کردہ اعلیٰ تعلیمی خدمات کی فراہمی کے تسلسل پر توجہ مرکوز کی ۔ ورجینیا ریگولیشنز گورننگ گفٹڈ ایجوکیشن <https://tinyurl.com/vdoe-gifted> ہر مقامی اضلاع سے یہ بیان کرنے کیلئے کہتے ہیں کہ آیا خداداد صلاحیت کے حامل افراد کے پروگرامز عمومی ذہنی صلاحیت (GIA) ، مخصوص تعلیمی رحجان (SAA) ، کیریئر اور ٹیکنیکل رحجان (CTA) ، یا بصری اور/ یا پرفارمنگ آرٹس کے رحجان (VPA) کے معاملات پر غور کرتے ہیں ۔ FCPS کے خداداد صلاحیتوں کے حامل افراد کیلئے مقامی منصوبے GIA اور SAA ، سے متعلق ہیں جو دونوں تعلیمی شعبے ہیں ۔ اسی وجہ سے ، FCPS کی خداداد صلاحیتوں کے حامل افراد کی خدمات کو FCPS لوکل پلان فار گفٹڈ میں بیان کیا گیا ہے ، اور ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز کا نام دیا گیا ہے ۔ اس پوری دستاویز میں ، اصطلاح ایڈوانسڈ اکیڈمکس استعمال کی جائے گی سوائے اس کے کہ جب VA کے قواعد وضوابط یا تحقیقی حوالہ جات پر بحث کرنے کے سلسلے میں "فطین" کے وسیع زمرے کو بیان کیا جائے ۔

# فہرست مضامین


Twice-Exceptional (2e) Handbook ........ 0
Acknowledgments ........ 1
Introduction ........ 2
Part I: Overview Of 2e Learners ........ 5
FCPS Beliefs and Commitments To 2e Learners ........ 6
?Who Are 2e Learners ........ 8
2e Identification Considerations ........ 11
Potential Challenges with 2e Identification ........ 14
The Influence of Language and Culture on Identification ........ 14
Common Myths & Facts About 2E ........ 15
Legislation Regarding 2e Students ........ 17
Part I References ........ 19
Part II: School Resources ........ 22
Best Practices for Instruction of 2e Learners ........ 23
Accommodations ........ 27
Assistive Technology ........ 30
Plans 504 ........ 33
Special Education Services ........ 33
Disability-Specific Information ........ 36
Interventions and Specialized Supports ........ 41
Collaborative Roles, Responsibilities, and Rights ........ 43
Part II References ........ 55
Part III: Students and Families ........ 57
Social-Emotional Impacts of 2e ........ 57
Family and Schools as Partners ........ 60
Part III References ........ 62
Part IV: Additional 2e Resources ........ 62
FCPS Points of Contact ........ 64
FCPS Printable Resources ........ 65

FCPS Web Resources ........ 65
Books ........ 66
Resources ........ 66
2e Communities ........ 66

## باب I:
## 2E طالبعلموں پر طائرانہ نظر



**باب I: عنوانات**

- FCPS کا فلسفہ
- 2e طالبعلم کون ہیں؟
- شناخت پر غوروفکر
- عام مغالطے
- قانون سازی

## FCPS کی 2e طالبعلموں کے متعلق سوچ اور وعدے

FCPS یہ سمجھتا ہے کہ ہر طالبعلم بہترین تعلیم کا حقدار ہے جو اس کی انفرادی ضروریات کو پورا کرے ، اور یہ کہ طلباء ، والدین ، اساتذہ ، اور کمیونٹی کے درمیان اشتراکِ کار طالبعلم کی کامیابی کے لیے اہم ہے ۔ ڈسٹرکٹ نے 2e طالبعلموں کی گوناں گوں ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ثبوت پر مبنی شناخت کے طریقہ ہائے کار ، اصلاح ومداخلت ، اور ترتیب دیئے گئے تدریسی طریقوں کا عزم کررکھا ہے ۔

FCPS تمام طلباء کو تعلیم دینے کے لیے طالبعلم پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ، خوبیوں پر مبنی طریقہ کار کو اپناتا ہے ۔ 2e طالبعلموں کے لیے، ان کی منفرد سیکھنے کی ضروریات کی اعانت کرتے ہوئے طالبعلموں کی اعلیٰ صلاحیتوں پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے ۔

FCPS میں دُگنا غیرمعمولی (2e) طلباء ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز اور کورسز میں شرکت کر سکتے ہیں اورطالبعلموں کی ضروریات کی بنیاد پر مختلف تعلیمی ماحول میں انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) یا 504 پلانز کے ذریعے سہولیات ، خصوصی تدریس ، ترمیمات اور/ یا خدمات حاصل کر سکتے ہیں ۔ ایک *Dear Colleague Letter* <https://tinyurl.com/ocr-letter> (2007) میں ، امریکی محکمہ تعلیم نے توثیق کی ہے کہ ایک معذور طالبعلم ایک تیز رفتار کلاس یا پروگرام میں داخلے کا حقدار ہے اور اسے صرف اس وجہ سے خارج نہیں کیا جا سکتا کہ اس طالبعلم کی خصوصی تعلیم یا متعلقہ امداد اور سہولتوں کی ضرورت ہے ، یا اس وجہ سے کہ اس طالبعلم کا دفعہ 504 کے تحت ایک منصوبہ ہے ۔

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) نےایک Enhancement Plan for Students with Disabilities <https://www.fcps.edu/node/46871> تیار کیا ہے تاکہ معذور طالبعلموں کے نتائج کو مستحکم کیا جائے اور Division Strategic Plan میں اہداف کے حصول میں مدد کی جائے ۔ معذور طالبعلموں کیلئے Enhancement Plan یا تقویت کا منصوبہ چار شعبوں کے اہداف پر توجہ مرکوز کرتا ہے : تدریسی عمل ، خصوصی تعلیم کے طریقہ ہائے کار ، ابلاغ ، اور عملے کی صلاحیت ۔

Enhancement Plan یا تقویت دینے کا منصوبہ کے مفروضے اور عقائد طے کرتا ہے جو بنیادی اقدار core values <https://www.fcps.edu/node/47359> شمولیت ، اجتماعی ذمہ داری ، منصفانہ ، مشغولیت ، خوبیوں پر توجہ مرکوز کرنے اور مستقل مزاجی سے متعلق ہیں ۔

تدریسی عمل کا ایک مقصد شمولیت کے ماحول میں معیاری تدریس کو یقینی بنانا پر توجہ دینا ہے ۔ اس کوشش کے ایک حصے کے طور پر ، FCPS ایک جامع تعلیمی منصوبہ تیار کررہا ہے ، جو FCPS کی شمولیت تعلیم کے وعدوں اور رہنما اصولوں کے ساتھ اسکول منتظمین کے لیے ایک ماخذ ہے ۔ مزید برآں ، FCPS شمولیت کے تعلیمی اور سماجی پہلوؤں کی معاونت کے لیے وسائل وضع کرے گا ، بشمول بنیادی کلاسز ، خصوصی/ اختیاری ، اور دن کے غیر تعلیمی حصے ، نیز ایسے وسائل تیار کرے گا جو دُگنا غیر معمولی طالبعلموں کی شناخت اور پروگرامنگ کی توضیح کرتے ہیں ۔ ان اقدامات اور وعدوں کی تکمیل خاص طور پر دُگنا غیرمعمولی طالبعلموں کے لیے فائدہ مند ہو گی ، جن کو پیچیدہ پیشکشوں کی وجہ سے تاریخی طور پر خصوصی تعلیم یا ایڈوانسڈ اکیڈیمک سروسز یا دونوں کی طرف سے کم سہولت فراہم کی گئیں ۔

## FCPS میں اعلیٰ درجے کی تعلیم کی ضروریات کے ساتھ طالبعلموں کی تعلیم

FCPS ورجینیا کے قواعد و ضوابط کی پیروی کرتا ہے جو خداداد صلاحیتوں کے حامل طلباء کے لیے تعلیم کی خدمات کو کنٹرول کرتا ہے (8VAC20-40-10 <https://tinyurl.com/va-law>) ، جس میں خداداد صلاحیتوں کے مالک فطین طالبعلموں کی تعریف یوں کی گئی ہے " پبلک ایلیمینٹری، مڈل ، اور سیکنڈری اسکولوں میں کنڈرگارٹن کے ساتھ شروع ہونے والے (بارہویں گریڈ تک) جو کامیابی کی اعلیٰ سطح کا مظاہرہ کرتے ہیں یا جو اسی عمر، تجربے ، یا ماحول کے دوسروں کے مقابلے میں کامیابی کی اعلیٰ سطح کے امکانات کو ظاہر کرتے ہیں ۔" قواعد و ضوابط مزید بیان کرتے ہیں ، "ان کے رحجانات اور کامیابی کے امکانات اتنے شاندار ہیں کہ انہیں اپنی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے خصوصی پروگراموں کی ضرورت ہوتی ہے ۔"

FCPS میں، اعلیٰ درجے کی تعلیمی خدمات ان طلباء کے لیے دستیاب ہیں جو ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز (AAP) کے تسلسل کے ذریعے "عام ذہنی رحجان" یا "مخصوص تعلیمی" میدانوں میں غیر معمولی کارکردگی کی صلاحیت کا مظاہرہ کرتے ہیں ۔ K-12 AAP تسلسل طالبعلموں کی انفرادی خوبیوں اور مہارتوں کو بہتر بناتا ہے اور تمام سیکھنے والوں کے لیے تعلیمی صلاحیتوں کو زیادہ سے زیادہ بڑھاتا ہے ۔ جب ایک طالبعلم کی AAP کے لیے اسکریننگ کی جاتی ہے تو ، اسکول ڈویژن چار بنیادی تعلیمی مضامین میں سے ایک یا زیادہ میں ایک طالبعلم کی کارکردگی زیرغور لاتا ہے: لینگوئج آرٹس ، ریاضی ، سائنس ، اور معاشرتی علوم ۔ FCPS اعلیٰ درجے کی تعلیم کی ضروریات سے وابستہ متنوع خصوصیات اور طرزعمل پر بھی غور کرتا ہے اور متعدد اور مختلف اسیسمنٹس کا ایک جامع جائزہ لیتا ہے جو طالبعلم کی خوبیوں کو اجاگر کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے ۔

FCPS شاندارمعیار کو فروغ دینے کے لیے پُرعزم ہے اور اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ اعلیٰ تعلیمی خدمات کے لیے شناخت کیے گئے بچے ایک یا زیادہ تعلیمی شعبوں میں اعلیٰ سطح پر کامیابی حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں ۔ اعلیٰ درجے کے سیکھنے والوں کو ایک مختلف نصاب کی ضرورت ہوتی ہے جو ان کی علمی اور سماجی و جذباتی ضروریات کو پورا کرتی ہو اور تدریس کے ذریعے اُن کی صلاحیتوں کو ترقی دیتی ہے جو گہرائی ، پیچیدگی ، اور رفتار میں مختلف ہوتی ہیں ۔

FCPS میں ایسی پالیسیاں اور طریقہ ہائے کار موجود ہیں جو منصفانہ ہیں اور شمولیت میں مبنی ہیں ۔ کنڈرگارٹن سے 12 گریڈ تک تمام طلبا و طالبات کو تنقیدی اور تخلیقی سوچ کی مہارتیں فروغ دینے کی تعلیم دی جاتی ہے ۔ مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کیجیئے FCPS Advanced Academic Programs <https://www.fcps.edu/node/33070> ۔

## FCPS میں معذور طالبعلموں کی تعلیم

The Individuals with Disabilities Education Act (IDEA) <https://sites.ed.gov/idea/> تمام معذور اہل بچوں کے لیے مفت مناسب عوامی تعلیم کی ضمانت دیتا ہے ۔ ورجینیا کی دولت مشترکہ خصوصی تعلیم کی یوں تعریف کرتا ہے "خاص طور پر وضع کردہ تدریس ، والدین کے لیے بلاقیمت ، ایک معذور بچے کی منفرد ضروریات کو پورا کرنے کے لیے" ((34 CFR 300.39(a)(1)) ۔ قانون کے مطابق ، خاص طور پر وضع کردہ ہدایات" کا یہ مطلب ہے ، ایک اہل بچے کی ضروریات کے مطابق ، مواد ، طریقہ کار، یا بچے کی اُن منفرد ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ہدایات کی فراہمی جو بچے کی معذوری کے نتیجے میں ہوتی ہے؛ اور عام نصاب تک بچے کی رسائی کو یقینی بنانا ، تاکہ بچہ ان تعلیمی معیارات پر پورا اتر سکے جو تمام بچوں پر لاگو ہوتے ہیں " ۔ (34 CFR 300.39(b)(3))

معذور طلباء کے لیے اضافی تحفظ بحالی ایکٹ Rehabilitation Act of 1973 <https://tinyurl.com/sec-504> کے سیکشن 504 کے ذریعے فراہم کیا گیا ہے ، ایک شہری حقوق کا قانون جسے "کسی بھی ایسے پروگرام یا سرگرمی میں معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو ختم کرنے کے لیے بنایا گیا ہے ، جو وفاقی مالی امداد حاصل کرتا ہے " (34 CFR 104) ۔

FCPS ڈیپارٹمنٹ آف اسپیشل سروسز کا مشن اسکولوں کو شناخت کردہ طلباء اور ان کے اہل خانہ کی منفرد ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کے لیے تدریسی ، نفسیاتی ، معاشرتی اور متعلقہ خدمات کا ایک سوچا سمجھا پروگرام فراہم کرنا ہے ۔ تدریسی قیادت ، نصاب کی ترقی ، پروگرام کی جانچ پڑتال ، اور عملے کی ترقی کے ذریعے ، FCPS اسپیشل سروسز ، عملے ، طالبعلموں اور خاندانوں کے لیے مدد کا ایک نیٹ ورک فراہم کرتا ہے جو رکاوٹوں کو ختم کرتا ہے، تدریس میں سہولت دیتا ہے ، اور طالبعلموں کو سیکھنے کے ماحول میں افراد کے طور پر کامیاب ہونے کے قابل بناتا ہے ۔

## 2e طالبعلم کون ہیں؟

VDOE دُگنا غیر معمولی طلبا وطالبات کی تعریف یوں کرتا ہے (2e) طالب علموں کو " بچے، کنڈرگارٹن سے لے کر بارہویں گریڈ تک ، جن کی شناخت اسکول ڈویژن کے گفٹڈ ایجوکیشن پروگرام کے لیے شناخت اور پلیسمینٹ کمیٹی کے ذریعے خداداد صلاحیت کے حامل کے طور پر کی گئی ہے اور ان کی شناخت ایک معذور بچے کے طور پر بھی کی گئی ہے جیسا کہ ورجینیا کے اسپیشل ایجوکیشن ریگولیشنز میں بیان کیا گیا ہے ۔"

- اعلیٰ درجے کی تعلیمی شناخت تعلیمی سروس کے آپشنز کے لیے طالبعلم کو اہل بناتی ہے جو پیچیدگی کی بڑھتی ہوئی سطح پر کارکردگی میں معاونت کرتی ہے جو ان کے ہم عمر ساتھیوں سے نمایاں طور پر مختلف ہوتی ہے ۔
- معذوری کے حامل بچے کی حیثیت سے شناخت طالبعلم کو ریاست اور وفاقی رہنما اصولوں یا 504 کے منصوبے کے مطابق انفرادی تعلیم کے پروگرام (IEP) کا حق دیتا ہے ۔

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) میں ، 2 ای طلباء وہ ہیں جن کی شناخت کسی بھی وقت خاص مضمون ، جزوقتی ، یا کُل وقتی ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرام (AAP) خدمات کے لیے کی گئی ہے اور جو فی الحال IEP یا 504 پلان کے ساتھ معذور بچے کے طور پر شناخت کیے جاتے ہیں ۔

## 2e طالبعلموں کی خصوصیات

دُگنا غیرمعمولی (2e) طالبعلموں کی تدریس اور طرزعمل کے اندازواطور ، عام طور پر خوبیوں اور تواتر کی ضروریات کے ساتھ ساتھ پیچیدہ ہوتے ہیں ۔ طلبا وطالبات اعلیٰ درجے کے سیکھنے والوں کی خصوصیات کے ساتھ ساتھ اُن طالبعلموں کی خصوصیات کا مظاہرہ کر سکتا ہے جنہیں علمی ، جسمانی ، رویے ، یا جذباتی مسائل کا سامنا ہوتا ہے ۔

مندرجہ ذیل چارٹ ممکنہ خوبیوں اور چیلنجوں کی مثالیں فراہم کرتا ہے جن سے 2e طالبعلم دوچار ہوسکتے ہیں ۔ بہت سے ممکنہ چیلنجوں کا تعلق انتظامی کام کرنے کی مہارتوں میں کمی سے ہے جس کا تجربہ بہت سے 2e سیکھنے والوں کو ہوتا ہے ۔ یہ کوئی جامع فہرست نہیں ہے ، اور انفرادی 2e طالبعلم تمام خصوصیات کا مظاہرہ نہیں کرتے ۔

| ممکنہ خوبیاں | ممکنہ مسائل |
| --- | --- |
| ایک یا ایک سے زائد تعلیمی شعبوں میں اعلیٰ صلاحیتیں ، جیسے زبانی مہارتیں ، تصوراتی فہم ، جلد مطالعہ شروع کرنے کی صلاحیت | بے ربط یا بے ترتیب تعلیمی کارکردگی؛ کسی مخصوص طریقہ کار کے تحت کام کرنا جو خوبی نہیں ہے؛ ہم عمر ساتھیوں کے مقابلے میں جذباتی ناپُختگی |
| ہم عمر ساتھیوں کے مقابلے میں زیادہ معلومات ذہن نشین کرنے کی صلاحیت | کام کرنے کی یادداشت (مثلاً متعدد مراحل والے کام مکمل کرنے سے متعلق معلومات یاد رکھنا) |
| بے تحاشہ تخیلاتی ، پُرتجسس، خلافِ معمول حسِ مزاح | معاشرتی آگاہی: ایسے خیالات جو ساتھیوں کو عجیب و غریب لگیں؛ دوسروں کے نقطئہ نظرکو سمجھنے میں مشکل؛ دوسروں کے خیالات کو کم تر یا حقیر سمجھنا |
| پیچیدہ خیالات وضع کرنا اور مشکلات کا حل نکالنا | تنظیم؛ وقت کا صحیح استعمال؛ متعدد مراحل پر مبنی ہدایات اور منصوبوں پر عمل پیرا ہونا |
| غیرجانبداری اور انصاف سے متعلق مسائل کے حوالے سے اعلیٰ درجے کا اخلاقی استدلال | انتہائی جذباتی شدت اور حد سے زیادہ حساسیت؛ جذبات کو منظم کرنا |

| ممکنہ خوبیاں | ممکنہ مسائل |
|---|---|
| اعلیٰ درجے کا استدلال کرنے اور مسائل کا حل نکالنے کی صلاحیتیں | مشکلات کو منظم انداز میں دیکھنا (مثلاً ترتیب دینا ، ترجیحات قائم کرنا ، کام شروع کرنا) |
| بھرپورتوجہ کی حامل دلچسپیاں (مثلاً دلچسی کے حامل مخصوص موضوعات کے بارے میں شوق اور گہرا علم رکھنا) | کسی خاص شعبہ پر توجہ مرکوز کرنا (اکثر اسکول سے متعلق نہیں) دوسروں کو خارج کرنے کے لیے (اکثر اسکول سے متعلق)؛ توجہ مرکوز کرنے اور سوچ / خیالات کے ساتھ لچکدار ہونے سے قاصر |
| دلچسپی کے حامل شعبوں میں دیر تک توجہ مرکوز رکھنا | کم ترجیح والے کاموں میں توجہ برقرار رکھنا |
| بالغ افراد کے ساتھ دلچسپی کے حامل موضوعات پر اکثر اعلیٰ سطح کی بحث کر سکنے کی صلاحیت ہونا | ساتھیوں اور بالغوں کے ساتھ روزانہ سماجی بات چیت شروع کرنے اور جاری رکھنے میں دشواری؛ ساتھیوں اور بالغوں کے ساتھ باہمی بات چیت میں مشغول رہنے کے لیے زبان اور خود کو باقاعدہ بنانے کی مہارت کا نہیں ہونا |
| تنقیدی و تخلیقی سوچ کی شاندار صلاحیتیں؛ اکثر آزادانہ طور پر ازالہ یا تلافی کرنے کی مہارتیں حاصل کرتے ہیں | انتظامی کام کاج کی مہارتیں؛ کمزور شعبوں میں اساتذہ کی طرف سے بار بار مدد اور رائے درکار |

## دُگنا غیرمعمولی ہونے کے ممکنہ اشارے

دُگنا غیرمعمولی بچے انتہائی انفرادی ہیں ، اور دُگنا غیر معمولی بچے کی کوئی ایک پروفائل نہیں ہے ۔ اگر دو مرتبہ استثنیٰ کا شبہ ہے ، تو یہ والدین اور اساتذہ کے لیے مددگار ثابت ہوتا ہے کہ وہ ان راستوں کو دکھانے کیلئے ریکارڈ رکھیں اور ثبوت جمع کریں جن میں بچہ سبقت لے جاتا ہے اور جدوجہد کرتا ہے ۔ والدین اور اساتذہ اس بات کی وکالت کر سکتے ہیں کہ بچے کو ایڈوانسڈ اکیڈیمک خدمات ، خصوصی تعلیمی خدمات ، یا دونوں کے لیے جانچا جائے، کیونکہ ایک استثنیٰ دوسرے کو خارج ازامکان نہیں قرار دے سکتی ۔

ذیل میں دُگنا غیرمعمولی (VDOE 2022) کی * خصوصیات کی کچھ مثالیں ہیں:

- من موجی ہونا
- تنظیمی کمزوریاں
- مواد کے ایک یا زیادہ مخصوص شعبوں میں اہم خوبیاں اور اعلیٰ درجہ کا علم
- جذبات پر قابو پانے میں دشواری

- جذباتی شدت
- کمال پسندی اور مایوسی کے نمایاں مسائل
- سماجی روابط اور سماجی شعور میں دشواریاں
- بصری یا سمعی فہم میں دشواریاں
- خوبی کے تعلیمی شعبوں اور چیلنج کے شعبوں کے درمیان فرق کی وسیع رینج
- خوبی اور چیلنج کے شعبوں کے درمیان حوصلہ افزائی اور استقامت کی وسیع پیمانے پر مختلف سطحیں
- زبانی اور کارکردگی کی صلاحیتوں کے درمیان وسیع فرق لیکن پروسیسنگ کی رفتار سست ہے؛ یا بات چیت
- بے چینی اور وجودی غصہ کے بلند درجے

**اس کا مقصد کوئی تشخیصی آلہ کے طور پر نہیں ہے -**

## 2e شناخت پر غوروفکر

نیشنل ایجوکیشن ایسوسی ایشن کی اشاعت کے مطابق ، *The Twice-Exceptional Dilemma* (2006)، ایک اندازے کے مطابق چھ فیصد معذور طالبعلم تعلیمی طور پر خداداد صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں - یہ بات یاد رکھنا ضروری ہے کہ دُگنا غیرمعمولی کی موجودگی زیادہ بھی ہوسکتی ہے ، کیونکہ اعداد و شمار ایسے طالبعلموں کا ادراک نہیں کرپاتے جو خداداد صلاحیتوں کے مالک ہیں یا خصوصی تعلیم کی خدمات (ماسک کی وجہ سے) یا ان لوگوں کو جو انفرادی تعلیم کے پروگرام (IEP) کے بجائے 504 منصوبہ کیلئے شناخت کیے گئے ہیں - FCPS میں ، ایک IEP یا 504 منصوبہ کے ساتھ طالبعلموں کو جو FCPS AAP اسکریننگ کے عمل کے ذریعہ یہ شناخت کیا گیا ہے کہ اعلیٰ درجے کی تعلیمی صلاحیتیں کے حامل دُگنا غیر معمولی طالبعلم ہیں -

دُگنا غیرمعمولی کے معاملے کو وفاقی ، ریاستی یا مقامی قواعد و ضوابط کے ذریعے واضح طور پر طے نہیں کیا گیا ہے - FCPS کے پاس کوئی باضابطہ 2e شناختی طریقہ کار نہیں ہے ، بلکہ یہ اعلیٰ درجے کی تعلیمی خدمات کا تسلسل فراہم کرتا ہے ، اور ساتھ ہی ساتھ ان طلباء کو خصوصی تعلیم کی خدمات یا 504 منصوبے فراہم کرتا ہے جن کو دونوں کی ضرورت ہو - اعلیٰ درجے کی تعلیمی خدمات اور خصوصی تعلیم کی خدمات ، جن کا انحصار طالبعلم اور ان کے IEP کی ضروریات پر ہے، مختلف تعلیمی ماحول میں فراہم کی جا سکتی ہیں - خدمات کے لیے اہلیت آزادانہ طور پر ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز (AAP) کے دفتر اور محکمہ خصوصی خدمات کی طرف سے ، ریاستی قانون اور مقامی قواعد و ضوابط میں بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق طے کی جاتی ہے -

### ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز کیلئے شناخت

FCPS اعلیٰ درجے کا تعلیمی پروگرام (AAP) ایک تسلسل کے ساتھ خدمات فراہم کرتا ہے اور کنڈرگارٹن میں شروع ہونے والے ایک یا زیادہ مواد کے شعبوں میں سخت محنت کے لیے طالبعلم کی ضروریات سے ہم آہنگ ہوتا ہے اور ہائی اسکول تک جاری رہتا ہے - ایف سی پی ایس AAAP شناخت کے طریقہ کار کو اعلیٰ درجے کی تعلیمی صلاحیت کو تلاش کرنے اور فروغ دینے کے لئے وضع کیا گیا ہے ، لہٰذا ہر طالبعلم مخصوص بنیادی مواد کے شعبوں میں چیلنج کی مناسب سطح پر حصہ لے سکتا ہے - AAP screening process

<https://www.fcps.edu/node/26225> مقامی معیار پر مبنی ہے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے متعدد پیمانوں پر غور کرتا ہے کہ طالبعلم کو وہ سہولیات میسر ہیں جو انہیں ایک تعلیمی ساتھی گروپ سے منسلک کرتی ہیں جو اسی طرح کی ضروریات کے ساتھ ساتھ ایک یا ایک سے زیادہ شعبہ ہائے مضامین میں ویسی ہی چیلنج کی شدت کا حامل ہوتا ہے ۔

شناخت اور جگہ کا تعین کرنے کے طریقوں کی اس سوچ کیساتھ رہنمائی کی جاتی ہے کہ ذہانت وقت کے ساتھ تشکیل پاتی ہے ، پرورش کی جا سکتی ہے ، مختلف ثقافتوں میں مختلف طریقوں سے خود کو ظاہر کرتی ہے ، پیچیدہ ہے ، اور جینیاتی اور ماحولیاتی اثرات دونوں سے متاثر ہوتی ہے ۔ یہ سوچ اسکریننگ اور شناخت کے لیے مجموعی نقطہ نظر کو گامزن کرتی ہے جو اساتذہ کو مسلسل دانشورانہ ترقی کو فروغ دینے کے لیے وقت کے ساتھ اعلیٰ درجے کی تعلیمی صلاحیت کو تسلیم کرنے دیتا ہے ۔

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز K-12 طلباء کے لیے ایڈوانسڈ اکیڈیمک سروسز کا تسلسل پیش کرتا ہے جو طلباء کی انفرادی خوبیوں اور مہارتوں کو بہتر بناتی ہیں اور تمام سیکھنے والوں کے لیے ، طالبعلموں کی خوبیوں اور دلچسپیوں کے مطابق خدمات سے ہم آہنگ پوشیدہ تعلیمی صلاحیت کو بڑھاتی ہیں ۔

دُگنا غیر معمولی طالبعلموں کو ، جو AAP خدمات حاصل کرتے ہیں ، ان کی انفرادی ضروریات کے جواب میں مختلف تعلیمی ماحول میں ان کے انفرادی تعلیم پروگرام (IEP) یا 504 منصوبہ میں تفصیلی طور پر سہولیات ، خصوصی تدریس ، ترامیم ، اور / یا خدمات فراہم کی جاتی ہیں ۔

## K-12 ایڈوانسڈ اکیڈیمک سروسز

### سخت محنت تک رسائی: گریڈز K-6

تمام طلباء تنقیدی اور تخلیقی حکمت عملیوں کیساتھ ذہانت کو فروغ دینے والے اسباق اور AAP کے نصاب میں ، اسباق پڑھیں گے ۔

### مضمون سے مخصوص AAP: گریڈز K-6

شناخت کردہ طلباء ، تعلیمی مضبوطی کسی خاص شعبے یا شعبوں میں عام تعلیمی ماحول کے اندر، AAP نصاب کے اسباق پڑھیں گے ۔

### پارٹ - ٹائم AAP: گریڈز 3-6

شناخت کردہ طلباء متعدد تعلیمی شعبہ ہائے مضامین میں ، زیادہ گہرائی اورپیچیدگی کیساتھ AAP نصاب کے اسباق پڑھیں گے ۔ طلباء اپنی عمومی تعلیم کے ماحول میں مخصوص مواد کے شعبوں میں امتیاز و تفریق کے علاوہ ہفتہ وار اسباق پر ایڈوانسڈ اکیڈمک ریسورس ٹیچر (AART) اور اسی طرح کے تعلیمی ساتھیوں کے ساتھ کام کرتے ہیں ۔

**فل - ٹائم AAP: گریڈز 6-3**
شناخت کردہ طلباء فل ٹائم AAP نصاب کے اسباق پڑھتے ہیں ۔ پروگرامنگ نے تعلیمی مواد کے تمام شعبوں میں گہرائی ، پیچیدگی ،اور رفتار میں اضافہ کیا ہے ۔

**مڈل اسکول**
اعلیٰ درجے کی تعلیمی خدمات کو مڈل اسکولوں میں ، اسکول پر مبنی ماڈل کا استعمال کرتے ہوئےاوپن انرولمنٹ آنرز کورس ورک ، اور، مرکزی اسکریننگ کے ذریعے اہل پائے جانے والے طلباء کے لیے ، بنیادی کورسز میں کل وقتی AAP خدمات کے ذریعے ، لاگو کیا جاتا ہے ۔

**ہائی اسکول**

ہائی اسکول میں اعلیٰ درجے کی تعلیمی خدمات کو مختلف سخت محنت طلب پروگراموں کے ذریعہ اسکول پر مبنی ماڈل کا استعمال کرتے ہوئے لاگو کیا جاتا ہے اور تمام طالبعلموں کے لیے کورس ورک کھلا ہے ۔ کورس کی پیشکش ہر اسکول کی طرف سے مختلف ہوتی ہے اور اس میں آنرز ، ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (AP) ، انٹرنیشنل بیکالوریٹ مڈل ایئرز پروگرام (IB MYP) ، انٹرنیشنل بیکالوریٹ ڈپلومہ پروگرام (IB DP) ، اور دوہری اندراج شامل ہوسکتے ہیں ۔

## خصوصی تعلیم اور / یا 504 منصوبوں کے لیے شناخت

FCPS ڈپارٹمنٹ آف اسپیشل سروسز تعلیمی ، نفسیاتی ، سماجی ، اور متعلقہ خدمات کا ایک طے شدہ پروگرام پیش کرتا ہے تاکہ اسکولوں کو شناخت شدہ طلباء کو سہولیات فراہم کرنے میں مدد ملے ۔ IDEA میں درج 13 معذوریوں میں سے ایک یا ایک سے زیادہ معذوری والے بچے کے طور پر شناخت اور معذوری طالبعلم کی تعلیمی کارکردگی یا عام نصاب سے سیکھنے کی صلاحیت کو متاثر کرتی ہے جو طالبعلم کو بحالی ایکٹ مجریہ 1973 ء کے سیکشن 504 کے تحت انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) یا 504 منصوبہ کا حق دیتا ہے ۔ ان سہولیات اور خدمات میں ، مشاورتی خدمات ، سہولیات ، اور خاص طور پر ڈیزائن کردہ ہدایات ، شامل ہوسکتی ہیں ، لیکن ان تک محدود نہیں ہیں ۔ ایک طالبعلم کی تعلیم میں علمی ، سماجی و جذباتی ، اور تصرف شدہ کام کاج کرنا شامل ہیں ۔ ضرورت کے تمام شعبوں کے لیے، مناسب اصلاح و مداخلت ان کی مکمل صلاحیت کو فروغ دینے میں 2e طالبعلموں کی مدد کرتی ہے ۔

اگر کسی طالبعلم کے معذور ہونے کا گمان کرنے کی کوئی وجہ ہے تو ، مقامی اسکریننگ ٹیم سے جانچ پڑتال کی درخواست کی جا سکتی ہے ۔ ایک کثیر المقاصد ریفرل (SS/SE-5) فارم درخواست گزار یا اسکول عملے کے متعلقہ اہلکاروں کی طرف سے مکمل کیا جا سکتا ہے ۔ مقامی اسکریننگ کمیٹی (LSC) لازمی طریقہ کار پر عمل کرے گی تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ آیا معذوری کا گمان کرنے کے لیے کافی ثبوت موجود ہیں ۔ اگر طالبعلم ایک باقاعدہ تشخیص سے گزرتا ہے تو ، اہل پیشہ ور ماہرین اور والدین کا ایک گروپ بچے کے تشخیص کے نتائج کا جائزہ لے گا ۔ وہ مل کر فیصلہ کرتے ہیں کہ آیا طالبعلم ، معذورطالبعلم کی شناخت کے معیار پر پورا اترتا ہے ، جیسا کہ IDEA نے تعریف کی ہے ، جس کو خصوصی ہدایات اور / یا سہولیات درکار ہیں ۔

خصوصی تعلیم کی خدمات کے اہل پائے جانے والے طلبا و طالبات کو IEP ٹیم کا لکھا گیا ایک IEP ملے گا ، جس میں والدین اور طالبعلم (جب مناسب ہو) شامل ہوتے ہیں ۔ یہ افراد ایک تعلیمی پروگرام کو تشکیل دینے کے لیے علم ، تجربے ، اور عزم و ارادے کا اشتراک کرتے ہیں جس سے طالبعلم کوعام نصاب میں ترقی میں مدد ملے گی ۔

کچھ صورتوں میں ، طالبعلم خصوصی تعلیم کے لیے اہل نہیں ہوسکتا ہے ، لیکن معذوری کے ساتھ سیکشن 504 کے تحت اہل ہوسکتا ہے ۔ ایک 504 پلان 504 کے اہل طالبعلم کے لیے تیار کیا گیا ہے ، اور اس پلان میں طالبعلم کے لیے FCPS پروگراموں اور سرگرمیوں تک مساوی رسائی حاصل کرنے کے لیے تمام ضروری سہولیات ، ترمیمات اور/ یا خدمات شامل ہوں گی ۔ سہولیات کی چند مثالوں میں توسیع وقت ، گرافک آرگنائزرز ، مثبت تقویت دینے کا نظام ، chunked quizzes / ٹیسٹ ، اور آڈیو ٹیکسٹ شامل ہیں ۔

## 2e شناخت کے ساتھ ممکنہ چیلنجز

دُگنا غیرمعمولی سیکھنے والوں کو غیر معمولی صلاحیتوں اور غیر معمولی سیکھنے کے چیلنجوں کے پیچیدہ تعامل کی وجہ سے اعلیٰ درجے کی تعلیمی خدمات ، خصوصی تعلیمی خدمات ، اور 504 منصوبوں کے لیے کم شناخت کئے جانے کا خطرہ ہے ۔ بیک وقت سیکھنے کی اعلیٰ درجے کی ضروریات اور سیکھنے کے چیلنجوں یا معذوری کے حامل طالبعلموں کو مندرجہ ذیل اقسام میں سے ایک میں شامل کیا جاسکتا ہے:

**خوبیاں معذوری کی پردہ پوشی کرتی ہیں ۔**

یہ طلباء اپنے مسائل کے شعبوں کی تلافی کے لیے اپنی خوبیوں کا استعمال کر سکتے ہیں ، خاص طور پر ابتدائی گریڈز میں ، اور ان کی شناخت اعلیٰ تعلیمی خدمات کے لیے کی جاتی ہے؛ تاہم ، جیسا کہ تلافی / ازالہ مشکل تر ہوتا جاتا ہے ، ان طلباء کو نسبتاً کم کامیاب سمجھا جا سکتا ہے جن میں تحریک کی کمی ہوتی ہے کیونکہ سیکھنے کی معذوری کا پتہ نہیں چل سکنے کے باعث وہ اپنے اعلیٰ درجے کے تعلیمی ساتھیوں سے پیچھے رہ جاتے ہیں ۔

**معذوری خوبیوں کی پردہ پوشی کرتی ہے ۔**

یہ طالبعلموں کے سیکھنے کے چیلنجز واضح ہیں ، اور اکثر ہدایات کا ارتکاز ازالہ ہے ۔ وہ خصوصی تعلیم کی خدمات یا 504 منصوبوں کے لئے اہل ہوسکتے ہیں ، لیکن اعلیٰ درجے کی تعلیمی خدمات کے لیے نہیں ۔ اس کے بعد ، اگر طالبعلم میں علمی شوق و رغبت کم ہے، تو اس میں منفی رویے ، تجربہ شدہ بے بسی ، یا عزتِ نفس میں کمی پیدا ہوسکتی ہے ۔

**معذوری اور خوبیاں ایک دوسرے کی پردہ پوش ہیں ، اور کوئی بھی پہچانی نہیں جاتی ۔**

یہ طلبا و طالبات نہ اعلیٰ درجے کی تعلیمی خدمات اور نہ خصوصی تعلیمی پروگراموں کے اہل پائے جاتے ہیں ۔ ان میں غیرمعمولی صلاحیتیں ہیں ، لیکن معذوری کے اثرات کی وجہ سے اوسط درجہ کی صلاحیت دکھائی دیتی ہے ۔ نتیجتاً ، وہ اپنے چیلنجوں یا اپنی خوبیوں اور صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے مواقع کے لیے حمایت حاصل نہیں کرپاتے ۔

## شناخت پر زبان اور ثقافت کا اثر

اعلیٰ درجے کی تعلیم کی ضروریات کے تصورات زبان اور ثقافت دونوں سے متاثر ہوتے ہیں ۔ صرف اسکریننگ کے اقدامات اعلیٰ صلاحیت کے حامل طالبعلموں کا پتہ نہیں چلاسکتے جو انگریزی سیکھنے کے ابتدائی مراحل میں ہیں ۔

اس کے نتیجے میں ، اساتذہ اور والدین اعلیٰ درجے کے تعلیمی پروگراموں کے لیے کثیر لسانی سیکھنے والوں (ML) کی شناخت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں ۔ یہ ضروری ہے کہ دیگر زبانوں کے انگریزی بولنے والے (ESOL) اساتذہ MLs کی شناخت اور خدمت کرنے کے عمل میں حصہ لیں ۔ کلاس روم کے مشاہدات اور اسیسمنٹس کے نتائج کے علاوہ ، اساتذہ کو کثیر لسانی سیکھنے والوں میں اعلیٰ صلاحیت کے ممکنہ علامتوں سے آگاہ ہونا چاہئے ۔ کثیر لسانی سیکھنے والوں میں اعلیٰ درجے کی تعلیمی صلاحیت کی علامتیں اکثر انگریزی روانی کے پہلے مرحلے میں پوشیدہ ہوتے ہیں ۔ ان میں درج ذیل شامل ہیں ، لیکن ان تک محدود نہیں ، انگریزی کا تیزی سے سیکھنا اور/ یا تیزی سے دوسری ثقافت کے اثرات قبول کرنا ، ریاضی میں اعلیٰ قابلیت ، زبانوں کے درمیان تبدیلی میں کارکردگی ، قیادت ، زبانی/ کلامی طور پر اشتراک کرتے وقت تنقیدی سوچ اور تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ ، لیکن ہو سکتا ہے کہ تحریری طور پر منتقل نہ ہوں ، اور مضبوط باہمی میل جول کی مہارتیں ۔

کثیر لسانی سیکھنے والوں کی ضروریات کی شناخت اور ان کی ضروریات پورا کرنے کی پیچیدگی کی وجہ سے جن میں اعلیٰ تعلیمی صلاحیت ہیں اور سیکھنے کے مسائل ہیں ، اسکول کی ٹیمیں مندرجہ ذیل طریقوں کو نافذ کرنے کے لیے باہمی تعاون کرتی ہیں:

- اسیسمنٹس اس زبان میں لی جاتی ہیں جن میں سب سے زیادہ درست نتائج حاصل کرنے کا امکان ہوتا ہے ۔ کثیر لسانی سیکھنے والوں کے لیے، انگریزی زبان کی مہارت (ELP) کی سطح 1-4 اور 9 ، دوہری زبان کی اسیسمنٹ درکار ہے ۔
- اس بات کو یقینی بنائیے کہ طالبعلم کے والدین / دیکھ بھال کرنے والے اہلیت میٹنگ کی کارروائی کو سمجھتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر مترجمین اور ترجمے فراہم کیجیئے ۔
- ٹیم میں ایک ESOL استاد شامل کیجیئے اور غور کیجیئے کہ کس طرح طالبعلم کی زبان ، ثقافت ، اور پس منظر خصوصی تعلیم کے لیے اہلیت کی جانچ یا تعین کرتے وقت اسیسمنٹ کے نتائج پر اثر انداز ہوسکتے ہیں ۔

ثقافتی اور لسانی لحاظ سے متنوع آبادی کے طلبا وطالبات کو اعلیٰ درجے کی تعلیمی اور خصوصی تعلیم کی خدمات دونوں کی شناخت میں اضافی چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ۔ اساتذہ کے خیالات اس بات کا رُخ تعین کرسکتے ہیں کہ کس طرح خوبیوں اور چیلنجوں کو تسلیم کیا جاتا ہے ۔ یہ طلبا و طالبات معذوری سے جُڑی زیادہ بدنامی اور امتیازی سلوک سے بھی دوچار ہوسکتے ہیں ، جو اسیسمنٹ اور مدد حاصل کرنے کے لیے کم رپورٹنگ یا ہچکچاہٹ کا باعث بن سکتے ہیں ۔

## 2E کے متعلق عام فسانے اور حقائق

ذیل میں اعلیٰ درجے کی تعلیمی ضروریات کے حامل طالبعلموں کے بارے میں جو سیکھنے کے مسائل یا معذوری بھی رکھتے ہیں ، کچھ عام غلط تصورات ، یا خرافات ہیں ۔ اگر سدباب نہ کیا جائے تو ، یہ غلط تصورات تعلیمی کامیابی اور سماجی و جذباتی خیروعافیت کے لیے درکار سیکھنے کے تجربات اور ضروری مدد تک رسائی کو روک سکتے ہیں ۔

**فسانہ 1: ایک طالبعلم کو بیک وقت اعلیٰ درجہ کی تعلیم کی ضرورت اور معذوری نہیں ہو سکتی ۔**

**حقیقت:** 2e طلباء اعلیٰ علمی صلاحیتوں کے حامل اور تعلیمی مسائل یا معذوریوں سے دوچار ہوتے ہیں ۔ ان طلباء کی ضروریات سمجھنا مشکل ہوسکتا ہے کیونکہ خوبیوں کی وجہ سے معذوریاں چھپ سکتی ہیں ، معذوریوں کی وجہ سے خوبیاں چھپ سکتی ہیں یا وہ ایک دوسرے پر پردہ ڈال سکتی ہیں ۔ یہ اہم ہے کہ مشکل شعبوں میں مدد کرنے کے دوران طالبعلم کی خوبیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہدایات فراہم کی جائیں ۔

**فسانہ 2: ایک طالبعلم اعلیٰ تعلیمی پروگراموں یا کورسز میں خصوصی تعلیمی خدمات حاصل نہیں کرسکتا ۔**

**حقیقت:** 2e طلباء جنہیں سہولیات اور/ یا خصوصی ہدایات اور خدمات درکار ہوتی ہیں انہیں اعلیٰ سطح کے مناسب نصاب تک رسائی سے انکار نہیں کیا جا سکتا ۔ انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) اور 504 منصوبے مختلف ماحول ، بشمول اعلیٰ تعلیمی کلاسوں ، میں فراہم کیے جا سکتے ہیں ۔ سیکنڈری لیول پر، طالبعلم اور اس کے والدین یا دیکھ بھال کرنے والوں کے پاس ایسا کوئی بھی کورس منتخب کرنے کا حق ہوتا ہے جس کے لیے طالبعلم کی طرف سے درکار شرط (شرائط) مکمل کر دی گئی ہوں ۔

**فسانہ 3: اچھے گریڈز کا حامل طالبعلم خصوصی تعلیمی خدمات کا اہل نہیں ہوتا ۔**

**حقیقت:** ٹیم بچے کی اہلیت کا تعین کرتے وقت مکمل کارکردگی کا جائزہ لیتی ہے اور ترقی و پیش رفت یا اہلیت کے حوالے سے گریڈز ہی واحد اشاریے نہیں ہوتے ۔ امریکی محکمہ تعلیم نے صراحت کی ہے کہ تمام معذور طالبعلموں کو معذورافراد کے تعلیمی ایکٹ (IDEA) کے تحت تحفظ حاصل ہے اور اگر معذوری کا شبہ ہے تو اسکولوں کو اس طالبعلم کی جانچ پڑتال کرنی ہوگی ۔ (2) and (1)(b)300.304§ کی رُو سے "بچے کے بارے میں متعلقہ فنکشنل ، ڈیویلپمنٹ ، اور تعلیمی معلومات ، بشمول والدین کی طرف سے فراہم کردہ معلومات کو اکٹھا کرنے کے لیے مختلف اسیسمنٹ ٹولز اور حکمت عملیوں کے استعمال کی ضرورت ہے ،" اور اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا بچہ ، معذور بچہ ہے اور بچے کے لیے ایک مناسب تعلیمی پروگرام کا تعین کرنے کے لیے واحد معیار کے طور پر کسی ایک پیمانے یا اسیسمنٹ کا استعمال ممنوع قرار دیتا ہے ۔

**فسانہ 4: 2e طلباء کیلئے کام کو کم کرنا یا اضافی مدد فراہم کرنا مناسب نہیں ہے کیونکہ ان کی شناخت جدید تعلیمی خدمات کیلئے کی گئی ہے ۔**

**حقیقت:** اساتذہ تدریسی فیصلے کرتے ہیں اور کلاس روم کی فضا تیار کرتے ہیں جو تعلیم کے لیے ایک منصفانہ ، طالبعلم پر مبنی نقطہ نظر پر مبنی ہے جس میں ہر طالبعلم کو ایک فرد تصور کیا جاتا ہے ۔ منصفانہ کا مطلب یہ نہیں کہ تمام طلباء ایک جیسی خدمات حاصل کریں ، بلکہ تمام طلباء وہ حاصل کریں جن کی انہیں ضرورت ہے ۔ معذوری کے حامل طلبا و طالبات ، بشمول اعلیٰ تعلیمی ضروریات کے حامل طلبا ، اپنے IEP یا 504 پلان میں بیان کردہ سہولیات اور/ یا خصوصی ہدایات حاصل کرنے کے حقدار ہوتے ہیں ۔ یہ دستاویزات "کھیل کے میدان کو ہموار کرنے" اور طلباء کو معذوری کی مداخلت کے بغیر سیکھنے اور سمجھ بوجھ کا مظاہرہ کرنے کے قابل بنانے کے لیے تحریر کی گئی ہیں ۔

**فسانہ 5: اعلیٰ تعلیمی مواقعوں تک رسائی حاصل کرنے سے پہلے طالبعلم کی کمزور شعبوں کو ٹھیک کرنا ضروری ہے ۔**

**حقیقت:** اعلیٰ سطح کے نصاب اور ہدایات میں شامل ہونے سے پہلے طالبعلم کے لیے بنیادی مہارتوں پر عبور حاصل کرنا ضروری نہیں ۔ دلچسپ ، متعلقہ ، جذباتی طور پر مشغول کرنیوالی سرگرمیوں تک رسائی کی قیمت پر مہارت کی کمی کو پورا کرنے پر توجہ مرکوز کرنا عام طور پر ناکام ہوتا ہے ، اور اس کے نتیجے میں طلباء بور اور غیر متحرک ہو سکتے ہیں ۔ جبکہ ، سہولیات اور مدد سے بھرپور اعلیٰ نصاب کا استعمال کرتے ہوئے خوبیوں پر مبنی طریقہ کار اعلیٰ نتائج دے سکتا ہے ۔ ان شعبوں میں مدد کی جانی چاہئے جن میں ضرورت ہے ، تاکہ طلباء کے سیکھنے کے چیلنجز انہیں علمی طور پر اعلیٰ کاموں میں مکمل ، اور فعال شرکت سے نہ روکیں ۔

**فسانہ 6: 2e طلباء علمی اور جذباتی طور پرایک ہی سطح پر اور رفتار سے نشوونما پاتے ہیں ۔**

**حقیقت:** دُگنا غیرمعمولی طلباء ذہانت کے لحاظ سے اعلیٰ پائے کے ہوتے ہیں ؛ تاہم ، ہوسکتا ہے ان کی سماجی و جذباتی پختگی ان کی اعلیٰ درجے کی دانشورانہ ترقی سے مطابقت نہ رکھتی ہو ۔ اس غیرہموار ترقی کو "asynchrony" یا غیرہم آہنگ کہا جاتا ہے. غیر ہم آہنگ حصول علم کسی بھی طالبعلم کے ساتھ ہوسکتا ہے جس کی شناخت اعلیٰ تعلیم کے لیے کی گئی ہے ، لیکن 2e طلباء میں سیکھنے کے غیرہموار خاکے یا پروفائلز کا اکثر زیادہ ڈھنڈورا پیٹا جاتا ہے ۔ غیر ہم آہنگی سے نمٹنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ طلباء کی خوبیوں کے شعبوں پر توجہ مرکوز کی جائے اور ان کو مزید ترقی دی جائے ، جبکہ واضح ہدایات اور سہولیات کے ذریعے ان شعبوں کی اعانت جاری رکھی جائے جن میں بہتری کی ضرورت ہو ۔

**فسانہ 7: اعلیٰ درجے کی سیکھنے کی ضروریات کے ساتھ طلباء ازخود تحریک پاتے ہیں ، اور اعلیٰ کامیابی ان کو آسانی سے ملتی ہے ۔**

**حقیقت:** اگر کسی طالبعلم کی تعلیمی قابلیت کا جائزہ زبردست ترغیب ، مضبوط انتظامی کام کرنے کی مہارت ، اور پڑھنے اور لکھنے کی اعلیٰ مہارتوں کی توقعات سے متاثر ہوتا ہے، تو ایک 2e طالبعلم مشکل تعلیمی کاموں کو سنبھالنے میں ناکام یا غیرآمادہ دکھائی دے سکتا ہے ۔ دُگنا غیرمعمولی طالبعلموں کی اعلیٰ درجے کی سیکھنے کی ضروریات ہیں لیکن ناکافی تعلیمی اعانت یا سماجی و جذباتی چیلنجوں کی وجہ سے اعلیٰ سطح پر انجام نہ دے سکتے ہوں ۔ وقت کے ساتھ ساتھ ایسے طلباء، احساس کمتری کا شکار ہو سکتے ہیں اور تعلیمی مشکلات کا سامنا کرنے پر کم آمادہ ہوسکتے ہیں ۔ ایسے طلباء جو اپنے اساتذہ کی طرف سے ضروری مدد اور اعتماد حاصل کرتے ہیں وہ تعلیمی مشکلات کا سامنا کرنے ، ناگزیر چیلنجوں میں استقامت کا مظاہرہ کرنے اور اپنی ممکنہ صلاحیتوں کے مطابق کامیابی حاصل کرسکتے ہیں ۔

## 2e طلباء کے متعلق قانون

کوئی ایسی قانون سازی نہیں ہے جو خاص طور پر "دُگنا غیرمعمولی" طالبعلموں کیلئے ہو ؛ تاہم ، امریکی محکمہ تعلیم نے اپنا موقف واضح کیا ہے کہ ان طالبعلموں کا جو اعلیٰ علمی صلاحیت سے مالامال ہیں اور معذور بھی ہیں ، معذور افراد کے تعلیمی ایکٹ (IDEA) اور 1973 ء کے بحالی ایکٹ کے سیکشن 504 کے تحت تحفظ کیا گیا ہے ۔

ذیل میں خداداد صلاحیتوں کے مالک افراد کی تعلیم اور خصوصی تعلیم دونوں کے حوالے سے وفاقی اور ریاستی قانون سازی کا خلاصہ ہے جو 2e طلباء کی ضروریات کو پورا کرنے میں FCPS پر لاگو ہوتی ہے اور رہنمائی کرتی ہے ۔

**خصوصی تعلیم اور سیکشن 504 کے بارے میں قوانین**

FCPS ورجینیا کے پبلک اسکولوں میں Implementation of Special Education Regulations <https://www.fcps.edu/node/32532> کے نفاذ کیلئے درکار طریقہ کار کی پابندی کرتا ہے اور معذور طلبا و طالبات کی حفاظت وسلامتی کے حوالے سے درج ذیل قانون سازی کی پاسداری کرتا ہے ۔

| قوانین | خلاصہ |
|---|---|
| معذوری کے حامل افراد کی تعلیم کا ایکٹ (IDEA) <https://sites.ed.gov/idea/> | IDEA اہل معذور بچوں کے لیے مفت مناسب عوامی تعلیم (FAPE) کی فراہمی کا انتظام کرتا ہے اور بچوں کی منفرد ضروریات کو پورا کرنے کے لیے وضع کردہ خصوصی تعلیم اور/ یا متعلقہ خدمات کو یقینی بناتا ہے ۔ |
| سیکشن 504 بحالی ایکٹ مجریہ 1973 https://tinyurl.com/sec-> 504> | سیکشن 504 کسی بھی پروگرام یا وفاقی مالی امداد حاصل کرنے والی سرگرمی میں معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو ختم کرنے کے لیے بنایا گیا ہے ۔ یہ اسکولوں کیلئے ضروری قرار دیتا ہے کہ وہ معذور طالبعلموں کو مناسب تعلیمی خدمات مہیا کریں جو ایسے طلبا وطالبات کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بنائی گئی ہیں ۔ |
| ورجینیا ریگولیشنز گورننگ اسپیشل ایجوکیشن پروگرامز فار چلڈرن وِد ڈِس ابیلیٹیز ( 8VAC20-81 <https://tinyurl.com/va-law2>) | قواعد و ضوابط کی یہ فہرست معذور طلباء کی تعلیم کے لیے ضروریات کا خاکہ پیش کرتی ہے ، بشمول ، لیکن ان تک محدود نہیں: ریفرل ، اہلیت ، FAPE ، انفرادی تعلیم پروگرام<https://www.fcps.edu/node/32532 (IEP) ، کم سے کم پابند ماحول میں داخلہ ، قانونی طریقہ کار ، اور سیکشن 504 کے مطابق عملدرآمد ۔ |

**خداداد صلاحیتوں کے مالک افراد کی تعلیم کا قانون**

FCPS خداداد صلاحیتوں کے مالک طلباء کے تحفظ کے بارے میں مندرجہ ذیل قانون پر عمل کرتا ہے:

| خلاصہ | قانون |
|---|---|
| یہ فہرست اس بات کا خاکہ پیش کرتی ہے کہ ہر اسکول ڈویژن کو خداداد صلاحیتوں کے حامل افراد کی تعلیم کے لیے اپنے جامع منصوبے میں کیا شامل کرنے کی ضرورت ہے ، بشمول، لیکن ان تک محدود نہیں: تعریفیں ، اسکریننگ ، ریفرل ، شناخت ، خدمات ، والدین کے حقوق ، اور مقامی منصوبہ ۔<br>FCPS لوکل پلان فار دی ایجوکیشن آف دی گفٹڈ <https://www.fcps.edu/node/34510> ورجینیا ریگولیشنز سے ملتا ہے اور FCPS اسکول بورڈ منظور کرتا ہے ۔ یہ دستاویز قواعد و ضوابط کے FCPS کے نفاذ کی مخصوص وضاحت فراہم کرتی ہے ۔ اس میں ان بچوں کی ضروریات کو پہچاننے اور ان پر توجہ دینے کا عزم شامل ہے جن کی شناخت خداداد صلاحیتوں کے حامل افراد کے طور پر کی گئی ہے اور وہ لوگ جو زیادہ صلاحیت رکھتے ہیں، بشمول دُگنا غیر معمولی طالبعلم ۔ | ورجینیا ریگولیشنز گورننگ ایجوکیشن سروسز فار گفٹڈ اسٹوڈنٹس ( 8VAC20-40-10 <https://tinyurl.com/va-law>) |

## باب I حوالہ جات


Abi Villanueva, S., & Huber, T. (2019). The issues in identifying twice exceptional students: a review of the literature. *International Journal of Development Research*, *9*(09), 30101-30112.

Baum, Susan, Marcy Dann, Cynthia Novak and Lesli Preuss" .The Mythology of Learning :Understanding Common Myths about 2e Learners ".2e :Twice Exceptional Newsletter 2010 Print.

Bećirović, S. (2021) .Twice-exceptional, half-noticed :The recognition issues of gifted students with

learning disabilities .*Hamzić, U., & Bećirović, S.(2021) .Twice-Exceptional, Half-Noticed :The Recognition Issues of Gifted Students with Learning Disabilities. MAP Social Sciences*, *1*(1), 13-22.

Cody, R. A., Boldt, G. T., Canavan, E. J., Gubbins, E. J., Hayden, S. M., Bellara, A. P., & Kearney, K. L. (2022) .Teachers' reported beliefs about giftedness among twice exceptional and culturally, linguistically, and economically diverse populations . *Frontiers in Psychology*, *13*, 953059.

Fairfax County Public Schools, Advanced Academic Programs, accessed 5/11/19 via

https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/advanced-academic-programs

Fairfax County Public Schools, Procedures Required for Implementation of Special Education Regulations in Virginia's Public Schools, accessed 5/11/19 via https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/OSEPSprocedures.pdf

Fairfax County Public Schools) .n.d .(.Retrieved June 13, 2024, from https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/special-education-procedural-support/Section-504-information

Gierczyk, M., & Hornby, G. (2021) .Twice-Exceptional Students :Review of Implications for Special and Inclusive Education .*Education Sciences* ,11 ,85 Retrieved from

https://doi.org/10.3390/educsci11020085

Gifted and Underachieving The Twice Exceptional Learner. (2018, April 23). Retrieved September 18, 2018, from https://www.sengifted.org/post/gifted-and-underachieving-the-twice-exceptional-learner

A Guide to the Individualized Education Program. (2007, March 23). Retrieved June 27, 2019, from https://www2.ed.gov/parents/needs/speced/iepguide/index.html

Klingner, R. (2022). Twice-Exceptional Children and Their Challenges in Dealing with Normality. *Education Sciences, 12*(4), 268. https://doi.org/10.3390/educsci12040268

Pennsylvania Association for Gifted Education, The Twice-Exceptional Dilemma (2006). Retrieved September 17, 2018, from https://www.giftedpage.org/wp-content/uploads/2016/11/twiceexceptional.pdf

IDEA Statute and Regulations. (n.d.). Retrieved June 27, 2018, from https://sites.ed.gov/idea/statuteregulations/

Identifying gifted and talented English language learners: Grades K-12. (2008). Des Moines, IA: Iowa Dept. of Education.

Jackson-Gilman, B., et al. (2013). Critical issues in the identification of gifted students with co- existing disabilities: The twice-exceptional. SAGE Open, July– September, pp. 1-16. Retrieved from https://doi.org/10.1177/2158244013505855

Matthews, M. S., & Castellano, J. A. (2014). Talent development for English language learners: Identifying and developing potential. Waco, TX: Prufrock Press.

Morin, Amanda. "7 Myths About Twice-Exceptional (2E) Students." Understood | For Learning and Attention Issues. Understood: For Learning & Attention Issues, 2018. Web. 27 Jun 201

Virginia Department of Education, Regulations Governing Educational Services for Gifted Students (various sections as cited), (2012), accessed 5/02/2024 at:


https://www.doe.virginia.gov/home/showpublisheddocument/2314/637950367189030000

Virginia Department of Education, Supporting Teaching Twice Exceptional Students Toolkit Strategies (2022). Retrieved May 3, 2024, from

https://www.doe.virginia.gov/home/showpublisheddocument/50383/638334109051330000

Weinfeld, R,, Barnes-Robinson, L., Jeweler, S. and Shevitz, B., Smart Kids with Learning Difficulties: Overcoming Obstacles & Realizing Potential (2013). Waco, TX: Prufrock Press

# باب II:
## اسکول کے وسائل



باب II: عنوانات

- 2e سیکھنے والوں کی ہدایات کے لیے بہترین طورطریقے
- سہولیات
- معاون ٹیکنالوجی
- 504 پلانز
- خصوصی تعلیمی خدمات
- معذوری کے متعلق مخصوص معلومات
- اصلاحات اور تخصیصی اعانتیں
- باہمی تعاون کے کردار، ذمہ داریاں، اور حقوق

## 2e سیکھنے والوں کی ہدایات کے لیے بہترین طورطریقے

FCPS خوبیوں پر مرکوز ، دوہری مختلف ہدایات کو فروغ دیتا ہے جو تعلیمی کامیابی اور معاشرتی و جذباتی خیروعافیت کو بڑھاتا ہے ۔ اساتذہ 2e طالبعلموں کی خوبیوں کو فروغ دیتے ہیں اور سہولیات ، خصوصی ہدایات ، ترامیم ، اور / یا خدمات کے ذریعے مشکلات کے شعبوں میں ان کی مدد کرتے ہیں ، اور تلافی / ازالہ کی حکمت عملییوں کا فروغ جو اعلیٰ درجے کے سیکھنے کے مواقع تک رسائی دیتی ہیں ۔

**تعلیمی کامیابی اور سماجی وجذباتی خیروعافیت کو فروغ دینا**

**پری اسیسمنٹس**

دُگنا غیر معمولی (2e) طلباء کے لیے پری اسیسمنٹس ان کی انفرادی خوبیوں ، دلچسپیوں ، چیلنجوں ، اور ہدایات سے پہلے موجودہ علم کو سمجھنے میں مدد کرتی ہیں ۔ پری اسیسمنٹس اساتذہ کو شواہد کی بنیاد پر دُگنا غیر معمولی طالبعلموں کے لیے ہدایات کے فیصلے کرنے میں مدد دیتی ہیں ۔ یہ معلومات ذاتی نوعیت کی ہدایات کی رہنمائی کرتی ہیں ، تفریق کی حمایت کرتی ہیں ، اور طالبعلموں کو چیلنج کرنے کے لیے شعبوں کی نشاندہی کرنے اور مطلوبہ اصلاحات ومداخلت کے لیے بامعنی سیکھنے کے تجربات اور تعلیمی ترقی میں سہولت فراہم کرنے میں مدد کرتی ہیں ۔

**یونیورسل ڈیزائن فار لرننگ (UDL)**

یونیورسل ڈیزائن فار لرننگ (UDL) ایک تعلیمی لائحہ عمل یا فریم ورک ہے جو سیکھنے کی گونا گوں ضروریات کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے لچکدار سیکھنے کے ماحول کو فروغ دیتا ہے ۔ UDL دُگنا غیرمعمولی (2e) طالبعلموں کو ایک لچکدار لائحہ عمل یا فریم ورک فراہم کرکے ان کی متنوع ضروریات کو پورا کرتا ہے ۔ UDL نمائندگی ، مشغولیت ، اور اظہار کے متعدد ذرائع پیش کرتا ہے ، جس سے 2e طلباء کو مختلف فارمیٹس میں جدید مواد تک رسائی حاصل کرنے ، مواد کے ساتھ ان طریقوں سے مشغول ہونے کا موقع ملتا ہے جو ان کی خوبیوں کے مطابق ہوتے ہیں ، اور ترجیحی طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے اپنی سمجھ بوجھ کا اظہار کرتے ہیں ۔ یہ لچک 2e طالبعلموں کے منفرد تعلیمی پروفائلز کو اپنی خوبیوں کے شعبوں میں کامیابی کی اعانت کرنے کے

لیے ایڈجسٹ کرنے میں مدد دیتی ہے جبکہ ان رکاوٹوں کو دُور کرنے میں بھی مدد کرتی ہے جو ان کی معذوری کی وجہ سے ہوسکتی ہیں ۔

**خوبیوں یا طاقت پر مبنی طریقہ کار**

2e سیکھنے والوں کے لیے خوبیوں یا طاقت پر مبنی طریقہ اہم ہے کیونکہ یہ ان کی غیرمعمولی صلاحیتوں کو تسلیم کرتا ہے اور ان کو فروغ دیتا ہے جبکہ ان کی معذوری کی وجہ سے پیدا ہونیوالی رکاوٹیں دور کرنے میں بھی مدد کرتا ہے ۔ خوبیوں پر توجہ مرکوز کرکے ، اساتذہ 2e طالبعلموں کی ممکنہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاسکتے ہیں ، اعتماد ، تحریک ، اور لچک و برداشت کو فروغ دے سکتے ہیں ۔ یہ طریقہ 2e سیکھنے والوں کو رکاوٹوں پر قابو پانے کے لیے اپنی طاقت کا فائدہ اٹھانے کے قابل بناتا ہے ، جس سے تعلیمی کامیابی ، عزت نفس ، اور مجموعی خیروعافیت میں اضافہ ہوتا ہے ۔




**تصویر 1 - خوبیوں پر مبنی طریقہ کار (VanTassel-Baska، 1986)**

**دوہری مختلف ہدایات**

دوہری مختلف ہدایات 2e طالبعلموں کے لیے فائدہ مند ہیں کیونکہ یہ ان کی اعلیٰ درجے کی صلاحیتوں اور ان کے سیکھنے کے مسائل سے بیک وقت نبردآزما ہوتی ہیں ۔ دوہری تفریق اساتذہ کو طلباء کی تعلیمی خوبیوں اور ٹیلنٹ کو فروغ دینے کے لیے فرق کرنے کی اجازت دیتی ہے ، جبکہ ان کے کمزور شعبوں کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے ضروری سہارے بھی مہیا کرتی ہے ۔ یہ طریقہ کار اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ 2e طالبعلموں کو نہ تو ان کی خوبیوں کو چیلنج نہ کیا جائے اور نہ ہی وہ معذوری کی وجہ سے پیچھے رہ جائیں ، ایک معاون اور تقویت دینے والے سیکھنے کے ماحول کو فروغ دیا جائے جو ان کی مجموعی تعلیمی اور ذاتی ترقی کو فروغ دیتا ہو ۔

**جاری اسیسمنٹس**

2e طالبعلم اکثر پچھلے علم اور سیکھنے کی ایک اعلیٰ صلاحیت کے ساتھ کلاس روم میں آتے ہیں ۔ ان میں تعلیمی یا سماجی مہارتوں میں بھی فرق ہو سکتا ہے جس کے لیے اعلیٰ سطح کے مواد تک رسائی کے لیے مدد کی ضرورت ہوتی ہے ۔ جاری اسیسمنٹس اساتذہ کو 2e طلباء کی ضروریات کو سمجھنے کی اجازت دے گی تاکہ وہ طلباء کو سیکھنے کے اہداف کو پورا کرنے یا اس سے آگے جانے میں مدد کرنے کے لیے ہدایات کو ایڈجسٹ کر سکیں ۔

**لچک**

2e طالبعلم ان اساتذہ کے ساتھ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں جو، جب بھی ممکن ہو، تدریس میں سختی کی بہ نسبت لچکدار ہوں ۔ وقت میں لچک ، مواد ، تدریس اور سیکھنے کے سٹائل ، طالبعلم کی گروپ بندی ، سیکھنے کا اظہار کرنے کے طریقے ، اور سیکھنے کی جانچ پڑتال کرنے کے طریقے ، کلاس روم میں طالبعلم کی مشغولیت اور کامیابی کو فروغ دیتے ہیں ۔

**قابل احترام سیکھنے کے کام اور سیکھنے کے ماحول**

2e طالبعلموں کو مختلف کام کی پیچیدگی کے ساتھ متعلقہ اور مشغول رکھنے والی اسائنمنٹس کی ضرورت ہوتی ہے جو دلچسپیوں اور خوبیوں کے شعبوں پر مبنی انتخاب پیش کرتے ہیں ۔ ایک قابل احترام سیکھنے کا ماحول تنوع ، مستقل ڈھانچے اور معمولات کو سراہتا ہے ، اور اس میں ایسے مواد شامل ہوتا ہے جو کلاس کے تمام طلباء کی دلچسپیوں اور ثقافتوں کی عکاسی کرتا ہے ۔ اساتذہ جو غیرہم آہنگ ترقی کو سمجھتے ہیں اور جو کامیابی کے بجائے ترقی پر زور دیتے ہیں وہ ایک سیکھنے کا ماحول بناتے ہیں جو تعلیمی خطرہ مول لینے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے ۔

**اساتذہ - طالبعلم اشتراکِ کار**

2e طالبعلم اس وقت بااختیار بنتے ہیں جب ان کی زندگی میں شامل بالغ افراد ان کو غیرمعمولی صلاحیت اور معذوری کا مطلب تلاش کرنے میں شامل کرتے ہیں ۔ طالبعلم کے ساتھ اعتماد و بھروسے کی شراکت کامیاب تفرق کی کلید ہے ۔ اساتذہ کو 2e طالبعلم کی طاقت اور دلچسپیاں ، ترجیحی سیکھنے کے ماحول ، اور طالبعلم کی ضروریات جاننے کی ضرورت ہے جو اس کو درکار ہوسکتی ہیں یا نہیں ہوسکتی ہیں ۔ طالبعلم ایک ایسے استاد کے ساتھ اپنا مضبوط وکیل ہو سکتا ہے جو سُننے اور تعاون کرنے پر آمادہ ہو ۔

**اصلاحات اور تخصیصی ہدایات**

ایک طالبعلم کی دُگنا غیرمعمولی صلاحیت ، پڑھنا ، لکھنا ، ریاضی ، طرز عمل ، انتظامی کام کاج ، اور سماجی- جذباتی تندرستی ، سمیت متعدد شعبوں پر اثر انداز ہو سکتی ہے ۔ اسکول کی ٹیمیں طلباء کی خوبیوں اور ضروریات کی جلد از جلد شناخت کرنے کے لیے کام کرتی ہیں اور اس علم کا استعمال طلبا کو ضروری اصلاحات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کرتی ہیں ۔ اسکول کی ٹیمیں طلباء کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے خصوصی تعلیمی حکمت عملیوں یا ثبوت پر مبنی پروگرام کے ساتھ ایک ہدف شدہ منصوبہ تیار کر سکتی ہیں ۔ جہاں تک ممکن ہو ، اصلاحات یا مداخلتوں کو خوبیوں کے شعبوں میں اعلیٰ درجے کی پروگرامنگ کے ساتھ ہم آہنگ ہونا چاہیے اور قدم بقدم لچک فراہم کرنا چاہیے ۔

**سہولیات جو بااختیار بناتی ہیں**

سہولیات طلباء کو ان کی کمزوری کا ازالہ کرنے میں مدد کرتی ہیں اور اعلیٰ صلاحیت والے طلباء کو موقع پر ہی سیکھنے میں آگے بڑھنے کی اجازت دیتی ہیں ، بجائے اس کے کہ ازالہ کرنے میں مشغول ہو جس سے سیکھنے میں رکاوٹ پیدا ہو ۔ مثال کے طور پر، ایک طالبعلم کو ، جو تحریری اظہار میں مشکل محسوس کرتا ہے ، کلاس کے نوٹس کی ایک نقل دی جا سکتی ہے ، جس سے ساتھیوں کے ساتھ تعلیمی گفتگو کی تیاری میں مدد مل سکتی ہے ۔

سہولیات کا خاکہ طالبعلم کے انفرادی تعلیم کے پروگرام (IEP یا 504 منصوبہ) میں بیان کیا جاتا ہے ، جبکہ کچھ سہولتیں معیاری بہترین طریقے ہیں جو کسی بھی طالبعلم کو حسبِ ضرورت فراہم کی جا سکتی ہیں ۔

تلافی / ازالہ کی حکمت عملیوں کو واضح طور پر سکھایا جا سکتا ہے ، نصاب میں شامل کیا جا سکتا ہے ، اور/ یا طالبعلموں کے ذریعہ تیار کیا جا سکتا ہے جب وہ اسکول میں گھومتے پھرتے ہیں اور دریافت کرتے ہیں کہ کیا کام کرتا ہے ۔ سہولیات اس وقت زیادہ مؤثر ہوتی ہیں جب طالبعلم اپنی معذوری اور معاونت کے فوائد کو سمجھتے ہوں ۔ والدین اور اساتذہ مندرجہ ذیل طریقوں سے ذاتی وکالت کی کامیاب ترقی کی حمایت کرسکتے ہیں: چیلنجوں کے ذریعے لچک اور استقامت کا فروغ ، تنظیم اور مطالعہ کی مہارت کو سکھانے ، اعلیٰ گریڈز کے لیے غیر صحت مند دباؤ سے بچنے ، قابلیتوں اور دلچسپیوں کو فروغ دینے ، ایک سیکھنے کی معذوری کو مثبت انداز میں بہتر بنانے ، تعلیمی اور ضبط نفس کی مہارت کو سیکھنے کی صلاحیت کے طور پر پیش کریں ۔

## سرعت یا تیز کرنا

بہت سے 2e طلبا و طالبات تیزی سے سیکھتے ہیں ، اور بعض صورتوں میں ، اپنے ہم عمر ساتھیوں کی بہ نسبت زیادہ آزادانہ طور پر؛ ذہین وفطین طالبعلم کو اپنے 12 -K اسکول کے سالوں (Assouline، اور et al 2015) کے دوران تیزرفتاری کی کسی صورت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔ 2e طلباء کو خوبیوں کے شعبوں میں مہمیز دینے سے وہ نصاب میں تیزی سے آگے بڑھ سکتے ہیں ، جس کے نتیجے میں انہیں مواد سے متعلق متن اور ذاتی دلچسپیوں کو گہرائی سے دریافت کرنے کے لیے زیادہ وقت ملتا ہے ۔ FCPS مختلف قسم کے تیزرفتار آپشنز پیش کرتا ہے جو اعلیٰ درجے کی سیکھنے کی ضروریات کے حامل طالبعلموں کی ضروریات کو پورا کرنے میں مؤثر ثابت ہوسکتے ہیں (مثال کے طور پر ، جوڑنا یا پیوستہ کرنا ، موضوع کے مواد کی تیزی ، دوہرا اندراج) ۔ 2e طالبعلموں کے لے تیزی کی تلاش کرتے وقت ، یہ ضروری ہے کہ ان شعبوں کا احاطہ کیا جائے جہاں بہتری کی ضرورت ہو ۔ اس کے علاوہ ، ممکنہ تعلیمی اور سماجی جذباتی مسائل پر احتیاط سے غور کیا جاتا ہے ، کیونکہ ممکنہ غیر متوقع نتائج سے نمٹنے میں ناکامی تیز رفتاری کے فائدہ کو کم کر سکتی ہے ۔

## سماجی- جذباتی اعانت

اعلیٰ درجے کی سیکھنے کی ضروریات اور ایک یا زیادہ معذوریوں کا امتزاج 2e طلباء کے لیے جذباتی چیلنج کو تیز کر سکتا ہے اور سماجی-جذباتی جدوجہد کے لیے ان کے خطرے کو بڑھا سکتا ہے ۔

اسکول کے عوامل جو 2e طلباء کی سماجی جذباتی خیروعافیت میں کردار ادا کرتے ہیں ان میں نفسیاتی طور پر محفوظ سیکھنے کا ماحول ، اسکول کا عملہ جو سیکھنے اور رویے کے اختلافات کو صبروتحمل اور برداشت اور خوبیوں پر مبنی سیکھنے کے تجربات کو نمونہ بناتا ہے ۔

گھر اورر اسکول کی شراکت داری طالبعلموں کی سماجی جذباتی ضروریات کا انتظام کرنے کیلئے ضروری ہے ۔ FCPS اسکول کی ٹیمیں اور خاندان فعال طور پر خدشات کو حل کرنے اور مؤثر حکمت عملی پر تعاون کرنے کی منصوبہ بندی کرتے ہیں ۔ والدین/ دیکھ بھال کرنے والوں ، جو طالبعلم کو سب سے بہتر جانتے ہیں ، کی آراء کے ساتھ ایک سیکھنے کا سازگار ماحول بنانا ، 2e طلباء کو تعلیمی ، جذباتی ، طرزعمل اور سماجی طور پر بڑھنے میں مدد کرے گا ۔

## سہولیات

وفاقی قانون کے تحت ، معذور طالبعلموں کو تعلیم تک مساوی رسائی کا حق حاصل ہے ۔ سہولیات ایک طالبعلم کو نصاب تک رسائی حاصل کرنے اور تعلیم کا صحیح مظاہرہ کرنے میں مدد دینے کے لیے فراہم کردہ طریقے اور معاونتیں ہیں ۔

سہولیات طلباء کی سیکھنے کی انفرادی ضروریات پر مبنی ہوتی ہیں ، اور کلاس روم کے اساتذہ ، خصوصی تعلیم کے اساتذہ ، اور / یا دیگر معاون عملے کے ذریعہ فراہم کی جاسکتی ہیں ۔ طالبعلم کے انفرادی تعلیم کے پروگرام (IEP) یا 504 منصوبہ میں شامل سہولتیں اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ طالبعلم کو تمام سیکھنے کے ماحول میں ضروری مدد اور / یا خدمات حاصل ہوں ۔ قانون کی رُو سے ، یہ سہولیات کلاس روم اور معیاری اسیسمنٹس مکمل کرتے وقت طالبعلموں کو فراہم کی جانی چاہئے تاکہ یہ بات یقینی بنائی جائے کہ ایک طالبعلم کے علم کو جانچا جا رہا ہے نہ کہ اُس کی اس علم کا ابلاغ کرنے کی صلاحیت (یا نااہلی) ۔ اس کے علاوہ ، انگریزی سیکھنے والوں کو خصوصی تعلیم اور AAP خدمات کے علاوہ دیگر زبانوں کے انگریزی بولنے والوں (ESOL) کی سہولیات اور خدمات حاصل کرنے کا حق ہے ۔

### سہولیات میں طالبعلم کا کردار

سہولیات اور طالبعلم پر ان کے اثرات کے بارے میں باقاعدگی سے بات چیت ان کی مسلسل موزونیت کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے ۔ طلباء کو سہولیات کی فراہمی کے بارے میں فیصلوں میں ایک فعال کردار ادا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے ، کیونکہ ان کی بصیرت ان مخصوص معاونت کو منتخب کرنے میں اہم ہے جنہیں وہ سب سے زیادہ مفید اور مؤثر پاتے ہیں ۔

### سہولیات بمقابلہ ترامیم

کلاس روم کی سہولیات یہ تبدیل کردیتی ہیں کہ طالبعلم مواد کیسے سیکھتا ہے ، جبکہ ترامیم یہ تبدیلی کردیتی ہیں کہ کون سا مواد سیکھا جائے ۔ ٹیسٹنگ کی سہولیات یہ تبدیل کردیتی ہیں کہ طالبعلم کیسے مواد کی سمجھ کا اظہار کیسے کرتا ہے ، جب کہ ترامیم یہ تبدیل کردیتی ہیں کہ کس مواد کی جانچ کی جاتی ہے ۔ مثال کے طور پر، ایک مضمون کے جواب کی ڈکٹیشن ایک سہولت ہوگی یہ تقاضا کرنا کہ مواد کے صرف ایک حصے کا جائزہ لیا جائے ایک ترمیم ہوگی ۔ ترامیم اور سہولیات پر اکثر نظر ثانی کی جانی چاہئے ، جب 2e طالبعلموں کی ضروریات تبدیل ہوتی ہیں ۔

### 2e طالبعلموں کے لیے سہولیات

مناسب کلاس روم اور 2e طلباء کے لیے ٹیسٹنگ سہولیات کا انتخاب کرتے وقت ہر طالبعلم کی ضروریات پر غور کیا جاتا ہے ۔ ذیل میں سہولیات کی مثالیں ہیں جن پر 2e طالبعلموں کو اعلیٰ درجے کی نصاب تک رسائی حاصل کرنے میں مدد کرنے کے لیے زیرغور لایا جا سکتا ہے ۔ اپنے بچے کی مخصوص سہولیات یا ضروریات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ، اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کیجیئے ۔

**سہولیات کی مثالیں**

طالبعلموں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے سہولتیں انفرادی ہوتی ہیں ۔ یہ فہرست مثالیں پیش کرتی ہے اور حتمی نہیں ہے ۔

**سازوسامان:**

- بصری معاونت یا وژیوئل ایڈز (مثلاً ، تصویر کا شیڈول ، گرافک آرگنائزرز ، چارٹس)
- آڈیو بکس (مثال کے طور پر، لرننگ الائی ، بک شیئر ، اسٹوری نوری ، AIM-VA ، Audible.com)
- متن سے تقریر کے ٹولز (مثال کے طور پر، نیچرل ریڈر ، ریڈنگ پین ، وائس ڈریم ریڈر ایپ)
- تقریر سے متن کے ٹولز (مثال کے طور پر، ڈریگن ، سری ، آواز کی شناخت کے سافٹ ویئر)
- نوٹ کرنے کی اعانتیں (مثال کے طور پر، وائس ریکارڈر، کلاس نوٹس کی نقل)
- ہجے اور گرامر کا سافٹ ویئر
- کیلکولیٹر

**ہدایات**

- کلاس روم کے معمولات اور شیڈول کو برقرار رکھنا
- ہدایات کو آسان بنائیے (مثال کے طور پر ، مرحلہ وار ہدایات ، کلیدی الفاظ کو اجاگر کرنا)
- ہدایات کو دہرانا اور پیش کردہ معلومات کی زبانی تفہیم کے لیے چیک کرنا
- بورڈ سے نقل کرنے سے بچنے کے لیے اساتذہ کی پریزینٹیشنز اور نوٹس کی نقول سمیت تحریری معلومات فراہم کرنا
- ہینڈز آن سیکھنے کے مواقع فراہم کرنا؛ چھونے کیساتھ سیکھنے کو متن سے جوڑنا
- چھوٹے گروپ کی تعلیم کے مواقع فراہم کرنا
- دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی حکمت عملی سکھانا

**کلاس ورک ، ہوم ورک ، اور ٹیسٹنگ**

- زور سے یا کم آواز کی سطح پر متن پڑھنا
- توسیع شدہ وقت
- بار بار وقفے

- ٹیسٹنگ کے دوران جواب کے لیے آپشنز (مثال کے طور پر، ایک سے زیادہ انتخاب ، خالی جگہ پُر کرنا ، طالبعلم کو تحریری شکل کے بجائے زبانی جواب دینے کی اجازت دینا)
- "موٹے ٹکڑوں" کی اسائنمنٹس اور اسیسمنٹس
- سیکھنے کا مظاہرہ کرنے کے لیے آپشنز (مثال کے طور پر، پوسٹر ، زبانی رپورٹیں ، بلاگنگ ، سلائڈ پریزنٹیشنز، ویڈیو پریزنٹیشنز)
- ٹیسٹنگ کی علیحدہ جگہ
- جوابات کو ریکارڈ کرنے کیلئے راقم الحروف
- ہدایت شدہ لیکچر نوٹس یا نوٹ لینے والا فراہم کرنا

**انگریزی سیکھنے والوں کے لیے لسانی سہولیات**

- مواد تک آڈیو رسائی
- دو لسانی لغت کا استعمال کرنا
- جوابات کو ریکارڈ کرنے کیلئے راقم الحروف کا استعمال کرنا
- انگریزی لغت کا استعمال کرنا
- بصری معاونتیں یا وژیوئل ایڈز (گرافک آرگنائزرز، وائٹ بورڈز، وغیرہ)
- لچکدار شیڈول:

**انتظامی کام کاج**

- اسائنمنٹس کو ٹریک کرنے کے لیے ٹیکنالوجی یا پلانر کا استعمال کرنا
- مقررہ تاریخوں کی باربار یاددہانیاں
- گھر میں کتابوں کا اضافی سیٹ (جب دستیاب ہو)
- ہوم ورک اسائنمنٹس کی تعداد اور / یا طوالت کو کم کرنا
- بڑی اسائنمنٹس کو چھوٹے یونٹس میں تقسیم کرنا (ٹکڑے کرنا)
- کام مکمل کرنے کے لیے فہرست یا چیک لسٹ کا استعمال کرنا

**طرزعمل**

- غیر زبانی کیو یا اشاروں کی حکمت عملیوں کا استعمال کرنا
- مثبت رویے کی اعانت فراہم کرنا (مثال کے طور پر، مثبت کمک کی حکمت عملی ، رویے میں ترمیم کی تدابیر)
- لچکدار وقفے (مثال کے طور پر، فلیش پاس)
- کلاس روم میں ایک جگہ فراہم کرنا ، جہاں طالبعلم خود پر قابو پاسکے
- خلل اندازی سے پاک کام کی جگہ دینا

- واضح ، سیدھی سادھی زبان میں توقعات بتانا

## معاون ٹیکنالوجی

IDEA معاون ٹیکنالوجی کی تعریف کسی بھی ایسی ٹیکنالوجی کے طور پر کرتا ہے جو "معذور بچے کی عملی صلاحیتوں میں اضافہ ، برقرار ، یا بہتر کر سکتی ہے" (معذور افراد کے ایکٹ ترمیمات ، 2004 ء) ۔ نصاب تک رسائی میں مدد دینے اور پڑھنے، لکھنے اور تنظیمی مسائل کے شکار طلباء کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے بہت سی معاون ٹیکنالوجیز دستیاب ہیں ۔ ان میں سے بہت سے ٹیکنالوجیز کلاس روم میں آسانی سے دستیاب ہیں اور گھر میں بھی اُس طالبعلم کی مدد کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں جو پڑھنے ، لکھنے ، ریاضی ، اور انتظامی کام کاج کرنے میں دشواری کا سامنا کرتا ہے ۔

AT کا مقصد کبھی بھی ہدایات کی جگہ لینا نہیں ہے ، بلکہ انہیں جب تحقیق پر مبنی تدریسی طریقوں کے ساتھ مربوط کیا جائے، تو یہ طلباء کی موجودہ مہارتوں اور اس مواد کے درمیان خلیج کو کم کرسکتی ہے جس تک انہیں رسائی کی ضرورت ہے ۔ جب کہ وہ اپنی موجودہ صلاحیتوں کو استوار کرتے رہتے ہیں ، طلباء اعلیٰ سطح کے پڑھنے کے مواد تک رسائی حاصل کرنے، اپنے خیالات کو تحریری شکل دینے، اور مطالعہ اور لکھنے کو منظم کرنے کے لیے AT کا استعمال کر سکتے ہیں ۔

### FCPS میں معاون ٹیکنالوجی

طالبعلموں اور خاندانوں کے لئے دستیاب معاون ٹیکنالوجی کے ٹولز FCPS ڈیجیٹل ایکوسسٹم لائبریری میں درج ہیں ۔ اسکول کی ٹیموں کو موجودہ منظور شدہ سافٹ ویئر اور ایپلیکیشنز کے ٹائیٹلز کی شناخت کے لیے اسکول میں متعین ٹیکنالوجی اسپیشلسٹ (SBTS) اور معاون ٹیکنالوجی (AT) کوچز کے ساتھ کام کرنا چاہئے ۔

مثالیں بشمول تمام طالبعلموں کی اعانت کیلئے سازوسامان اور وسائل وماخذ ، FCPS کی عوامی ویب سائٹ پر تلاش کی جاسکتی ہیں ۔ ٹولز میں کی بورڈنگ ، پڑھنے ، لکھنے ، ریاضی ، اور کیپشننگ کی مدد کرنے والے شامل ہیں ۔

### انتظامی کام کاج

انتظامی کام کاج سے مراد مہارتوں کا ایک مجموعہ ہے جو طلباء کی آئندہ کی منصوبہ بندی کرنے اور اہداف کو پورا کرنے، خود پر قابو پانے ، کثیر اقدامات پر مبنی ہدایات پر عمل کرنے اور خلل اندازی کے باوجود توجہ مرکوز رکھنے میں مدد کرتی ہیں ۔ ذیل میں ان شعبوں میں مسائل کے شکار طالبعلموں کی مدد کرنے کے لیے انتظامی کام کاج کی مہارتوں کی اقسام اور معاون ٹیکنالوجی کی مثالیں ہیں ۔

**تنظیم**

- G-Suite اور FCPS 24/7 (اساتذہ کے ساتھ کام میں تبدیل کرنے کے لیے اسائنمنٹس کا اشتراک کرنا)
- ای میل (واپس کی گئیں اسائنمنٹس)
- الیکٹرانک آرگنائزر سافٹ ویئر
- آن لائن کیلنڈرز
- ذاتی ڈیوائس کے آپشنز (یاد دہانیاں ، کیلنڈر، اسائنمنٹس / نوٹس کی تصاویر لینا)

**ورکنگ میموری**

- ورڈ پروسیسر (تشریحات کے ٹولز کے ساتھ)
- نمایاں یا اجاگر کرنے والے ٹولز (ڈیجیٹل مواد کے لیے)
- گرافک آرگنائزر سافٹ ویئر
- فلیش کارڈ سافٹ ویئر / ایپلی کیشنز
- ذاتی ڈیوائس کے آپشنز (اسائنمنٹس ، نوٹس ریکارڈ کرنے کے لیے کیمرہ)

**علمی لچک / توجہ تبدیل ہونا**

- ٹائمرز
- گھڑی (تھرتھراہٹ یا وائبریشن یاد دہانیوں کے ساتھ)
- ذاتی ڈیوائس کا آپشن (ٹائمر)

**مقصد کی جانب مسلسل اصرار**

- کیلنڈرز (گوگل کیلنڈر، ذاتی ڈیوائس پر کیلنڈر)
- ذاتی ڈیوائس کا آپشنز (یاد دہانیاں اور نوٹس ایپلیکیشنز)

**اپنی سوچ کے اسرار جاننا یا میٹاکوگنیشن**

- ملٹی میڈیا سافٹ ویئر (سوچ پکڑنا)

**توجہ اور ارتکاز**

- ذاتی ڈیوائس کے آپشنز (کلاک اور ٹائمر)

## قابل رسائی تدریسی یا ہدایت کا مواد (AIM)

قابل رسائی انسٹرکشنل مواد (AIM) طباعت شدہ درسی کتابیں ، تجارتی کتابیں ، اور دیگر تعلیمی مواد ہیں جو متبادل فارمیٹس (بریل ، بڑے پرنٹ ، الیکٹرانک / ڈیجیٹل متن ، اور آڈیو ریکارڈنگ) میں تبدیل کئے گئے ہوتے ہیں ۔ اگر پرنٹ مواد کی حدود ان کی کامیابی میں رکاوٹ ہیں ، مصدقہ بصری ، جسمانی ، یا پرنٹ کی معذوری کے حامل طلباء کو قابل رسائی تدریسی مواد (AIM) کی ضرورت ہو سکتی ہے ۔ IEP ٹیموں کو اس بات پر غور کرنے کی ضرورت ہے کہ آیا طالبعلم کو متبادل شکل میں مواد کی ضرورت ہے ۔ 504 منصوبے کے حامل طلبا وطالبات AIM-VA کے لیے اہل نہیں ہوتے ۔

## ایک معاون ٹیکنالوجی کا مماثل تلاش کرنا

AT کے عملے کے ارکان اسکول کی ٹیموں کے ساتھ مل کر اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کرتے ہیں کہ تمام معذور طلبا وطالبات جن کو AT کی ضرورت ہے ، نصاب تک رسائی حاصل کرنے ، کامیابی کے فرق کو کم کرنے ، زندگی کی ضروری مہارتیں حاصل کرنے ، اور اپنی مکمل صلاحیتوں تک پہنچنے کے لیے ضروری ٹیکنالوجی کے ٹولز اور تربیت حاصل کریں ۔ AT کا فن کسی طالبعلم کی ضرورتوں کی بنیاد پر معاونت کرنے کے لیے صحیح مقدار میں مدد تلاش کرنا ہے ۔ مثال کے طور پر ، ایک کیلکولیٹر کا استعمال ایک ریاضی کی معذوری والے 2e طالبعلم کو بنیادی حساب کتاب کے ساتھ نبردآزمائی کرکے سست کیے بغیر اعلیٰ سطح کے مسائل کو حل کرنے کے کاموں تک رسائی فراہم کرے گا ۔ ایک مناسب AT مماثل کے بارے میں فیصلہ انفرادی نوعیت کا ہوتا ہے اور اس میں طالبعلم کی مخصوص ضروریات ، وہ ماحول جہاں پڑھائی ہو رہی ہے ، اور مطلوبہ کاموں کی اقسام کو مدنظر رکھا جاتا ہے ۔

## طالبعلم کس طرح معاون ٹیکنالوجی تک رسائی حاصل کر سکتا ہے؟

کسی مخصوص طالبعلم کے لیے دستیاب معاون ٹیکنالوجی کے ٹولز کی اقسام اس کی تصدیق شدہ ضرورت پر مبنی ہیں ، بشرطیکہ متعلقہ اسیسمنٹ اور کلاس روم پر مبنی ڈیٹا دیا گیا ہو ۔ ٹولز تک رسائی عمومی تعلیم ، 504 منصوبوں ، IEPs اور AIM اہلیت کے ذریعہ فراہم کی جاسکتی ہے ۔ ہر FCPS اسکول میں ایک AT کوچ ہوتا ہے

جو اسکولوں اور IEP ٹیموں کو معذور طلباء کے لیے AT کو مدنظر رکھتے ہوئے مدد کرتا ہے ۔ AT کوچ اساتذہ کو AT کے مؤثر استعمال کے بارے میں پیشہ ورانہ ترقی میں اعانت فراہم کرسکتا ہے اور یہ کہ متنوع تعلیمی ماحول میں طالبعلموں کو فائدہ اٹھانے کے لیے اسے کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے ۔

AT کوچز سے کہا جا سکتا ہے کہ وہ اسکول IEP یا 504 ٹیموں کے ذریعہ مطلوبہ معاون ٹیکنالوجی سہولیات کے لیے طالبعلموں کی جانچ پڑتال کریں ۔ اسیسمنٹ طالبعلم کی ضروریات کی جانچ پڑتال کے ساتھ شروع ہوتی ہے ۔ معاون ٹیکنالوجی کے ٹولز منتخب کیے جاتے ہیں ، اور اس کے اثرات کے بارے میں اعداد و شمار جمع کیے جاتے ہیں ۔ اس اسیسمنٹ کے نتیجے میں ، IEP یا 504 ٹیمیں تجویز کردہ تکنیکی معاونت کو دستاویز میں ریکارڈ کرتی ہیں جو طالبعلم کے لیے شناخت شدہ کلاس روم کے کام (کاموں) کو کم مشکل بناتی ہیں ۔

IEP یا 504 پلان ٹیم مناسب معاون ٹیکنالوجی کی سہولیات کے بارے میں فیصلے کرتی ہیں ۔ طالبعلم اور اساتذہ کو تربیت دی جاتی ہے ۔ یہ دیکھتے ہوئے کہ طالبعلم کی ضروریات اور دستیاب ٹیکنالوجیز اکثر تبدیل ہوتی رہتی ہیں ، AT جانچ پڑتال کا ایک مسلسل عمل ہے ۔

## سیکھنے اور معاون ٹیکنالوجی کے لیے یونیورسل ڈیزائن

تمام FCPS طالبعلموں کو متحرک وسائل تک رسائی حاصل کرنے اور طالبعلم کی انفرادی ضروریات کے مطابق سیکھنے میں حصہ لینے کے لیے FCPS کی طرف سے ایک کمپیوٹنگ ڈیوائس جاری کیا جاتا ہے ۔ FCPS کا ون ٹو ون ٹیکنالوجی فراہم کرنے کا اقدام AT کو 2e طلباء کے لیے زیادہ آسان اور کم نمایاں بناتا ہے جنہیں سیکھنے تک رسائی حاصل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ تمام طلباء سیکھنے کے لیے مختلف اوقات میں ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہے ہوتے ہیں ۔

زیادہ تر اسکول طالبعلموں کو اسکول کے ماحول میں ذاتی ٹیکنالوجی آلات لانے کی اجازت دیتے ہیں ۔ یہ ذاتی آلات کسی بھی طالبعلم کے لیے اضافی مدد فراہم کرسکتے ہیں ۔ مثال کے طور پر، Google Apps for Education سوئیٹ ایسے ٹولز پیش کرتا ہے جو پڑھنے (جیسے، تقریر سے متن) ، تحریر (مثلاً، خاکہ نگاری) ، اور تنظیم (مثلاً، گرافک آرگنائزرز) میں کمی میں اعانت کرنے کے لیے استعمال کیے جا سکتے ہیں ۔

FCPS اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کے وسائل کا ایک ذخیرہ فراہم کرتا ہے کہ طلباء کو ڈیجیٹل طور پر بھرپور تعلیمی ماحول کا تجربہ ہو جو ان کی تدریسی ضروریات کو پورا کرتا ہو ۔ جو چیز ٹیکنالوجی کو "معاون" قرار دیتی ہے وہ یہ ہے کہ ایک طالبعلم کو نصاب تک رسائی حاصل کرنے کے لیے اس کی ضرورت ہوتی ہے ۔ مثال کے طور پر ، تمام طالبعلموں کو FCPS eBooks تک رسائی حاصل ہے ، لیکن ان طالبعلموں کے لیے جو ڈی کوڈنگ کرنے یا سمجھنے کی مشکلات رکھتے ہیں ، ای بکس کا استعمال معاون ٹیکنالوجی سمجھا جاتا ہے ۔

## معاون ٹیکنالوجی میں طالبعلم کی آواز

AT کے لیے ضروریات کی بدلتی ہوئی نوعیت کی وجہ سے، طالبعلم کے لیے ، خاص طور پر سیکنڈری سطح پر ، مختلف ٹولز کے استعمال پر غور کرنے اور اس منصوبے کو اپ ڈیٹ کرنے کے عمل میں شامل ہونا ضروری ہے کہ کونسے ٹولز ان کیلئے بہترین مددگار ثابت ہوں گے ۔ طالبعلم ان ٹولز کا استعمال کرنے کے لیے زیادہ لگن کا

مظاہرہ کرتے ہیں جو انہوں نے منتخب کیے ہوتے ہین اور انہیں معاون کے طور پر دیکھتے ہیں ۔ ٹیکنالوجی ترک کرنا ایک مسئلہ سے کم ہو جاتا ہے جب ایک طالبعلم کی ترجیحات AT اسیسمنٹ کے عمل کے دوران زیرغور لائی جاتی ہیں ۔

## 504 پلانز

بعض 2e طالبعلم Section 504 of the Rehabilitation Act of 1973 کے تحت معذوری کے حامل طالبعلم کے طور پر اہل ہوسکتے ہیں ۔ <https://tinyurl.com/sec-504> سیکشن 504 کسی بھی پروگرام یا وفاقی مالی امداد حاصل کرنے والی سرگرمی میں معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو ختم کرنے کے لیے بنایا گیا ہے ۔ اس ایکٹ کا تقاضا ہے کہ کسی بھی قابل طالبعلم جو جسمانی یا ذہنی عارضے کا مظاہرہ کرے جو زندگی کی ایک یا زیادہ اہم سرگرمیوں کو کافی حد تک محدود کر دے (مثلاً، اپنی دیکھ بھال ، اپنے ہاتھ سے کام انجام دینا ، چلنا ، دیکھنا ، سُننا ، بولنا ، سانس لینا ، کام کرنا ، سیکھنا ، کھانا ، سونا ، کھڑا ہونا ، اٹھانا ، موڑنا ، پڑھنا ، توجہ مرکوز کرنا ، سوچنا ، کسی بڑے جسمانی فعل کا آپریشن ، اور بات چیت) کو FCPS کے پیش کردہ کسی بھی پروگرام یا سرگرمی میں شرکت ، اس کے فائدے سے انکار، یا امتیازی سلوک کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا ۔ ایک عارضہ جو وقفے وقفے سے ہوتا ہے یا کم ہے ایک معذوری ہے اگر یہ فعال ہونے پر زندگی کی کسی بڑی سرگرمی کو کافی حد تک محدود کرتی ہے ۔

### 504 پلان کیا ہے؟

ایک باخبر کمیٹی جو کم سے کم پرنسپل یا ان کے نامزد اہلکار اور طالبعلم کے استاد پر مشتمل ہوتی ہے اہل طالبعلموں کے لیے 504 پلان تیار کرتی ہے ۔ 504 منصوبہ طالبعلم کی منفرد ضروریات کی عکاسی کرتا ہے اور براہ راست عارضے سے متعلق ہے ۔ پروگراموں اور سرگرمیوں تک رسائی کے مساوی مواقع حاصل کرنے کے لیے طالبعلم کے لیے صرف سہولتیں ، ترامیم ، اور/ یا خدمات کو شامل کیا جانا چاہیے ۔ باخبر کمیٹی کو سال میں کم از کم ایک بار ملنا چاہئے تاکہ 504 کے منصوبے کا جائزہ لیا جائے اور اگر مناسب ہو تو اپ ڈیٹ کیا جائے ۔ کمیٹی اس بات کا تعین کرتی ہے کہ آیا طالبعلم سیکشن 504 کے تحت معذوری کے حامل طالبعلم کی حیثیت سے بدستور اہل ہے یا نہیں ۔

سیکشن 504 کی شناخت ، جانچ پڑتال ، اور دوبارہ جانچ پڑتال کے عمل کی مکمل صراحت FCPS ویب سائٹ پر سیکشن 504 معلومات صفحے پر موجود ہے ۔ علاوہ ازیں ، ایک پریزینٹیشن فیملی ریسورس سینٹر <https://www.fcps.edu/node/31225>, 504 Plans پیش کی گئی ہے: والدین کو کیا جاننے کی ضرورت ہے، PRC یوٹیوب چینل پر دیکھا جا سکتا ہے ۔

## خصوصی تعلیمی خدمات

کچھ 2e طالبعلم معذوری کے حامل افراد کی تعلیم کا ایکٹ (IDEA) کے تحت خصوصی تعلیم کی خدمات حاصل کرنے کے اہل ہوسکتے ہیں ۔ اسپیشل ایجوکیشن پیرنٹ ہینڈ بک <https://www.fcps.edu/node/39533> ایک اضافی ذریعہ ہے جو والدین کے لیے دستیاب ہے ۔

**IDEA کیا ہے؟**

Individuals with Disabilities Education Act (IDEA) < https://sites.ed.gov/idea/> معذور بچوں کے لیے ایک مفت مناسب عوامی تعلیم (FAPE) کی فراہمی کا انتظام کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ خصوصی تعلیم اور/ یا متعلقہ خدمات کو بچے کی منفرد ضروریات پورا کرنے کے لیے وضع کیا گیا ہو ۔ سرکاری اسکول کے طلبا و طالبات جو IDEA کے تحت خدمات حاصل کرنے کے اہل پائے جاتے ہیں انہیں انفرادی تعلیم کے پروگرام (IEP) کے مطابق مناسب خدمات حاصل ہوں گی ۔ IEPs منفرد، انفرادی دستاویزات ہیں جو بچے کی مخصوص تعلیمی ضروریات پر غور کرتی ہیں ۔ IEP اساتذہ ، والدین ، اسکول کے منتظمین ، متعلقہ خدمات کے اہلکاروں اور طلباء (جب مناسب ہو) کے لیے معذور بچوں کے تعلیمی نتائج کو بہتر بنانے کے سلسلہ میں مل کر کام کرنے کا ایک موقع فراہم کرتا ہے ۔

مندرجہ ذیل معذوریاں ایک طالبعلم کو IDEA کے تحت خدمات حاصل کرنے کا اہل بنا سکتی ہیں: آٹزم ، بہرا ۔ اندھا پن ، بہرا پن ، جذباتی معذوری ، سماعت کی خرابی ، عقلی معذوری ، متعدد معذوری ، آرتھوپیڈک عارضہ ، صحت کی دیگر خرابی (بشمول ADHD) ، مخصوص سیکھنے کی معذوری (بشمول ڈسلیکسیا) ) ، تقریر یا زبان کا عارضہ ، تکلیف دہ دماغی چوٹ ، اور بصری عارضہ ۔

**معذور طلبا و طالبات کی شناخت کے لیے طریقہ ہائے کار:**

خصوصی تعلیم کی اہلیت پر غور کرنے کا عمل مقامی اسکریننگ کمیٹی (LSC) کو ایک ریفرل سے شروع ہوتا ہے جو ایک استاد ، والدین ، یا سرپرست کی طرف سے شروع ہوتا ہے ۔ یہ ریفرل والدین یا اسکول کے عملے کی جانب سے کسی بھی تعداد میں تعلیمی، سماجی - جذباتی ، موافقت پذیری ، اور/ یا رویے کے خدشات پر مبنی ہو سکتا ہے ۔

LSC کے اس اجلاس میں ، تعلیمی شعبوں میں طالبعلم کی ترقی کے بارے میں معلومات اور اعداد و شمار کا اشتراک کیا جاتا ہے اور جائزہ لیا جاتا ہے ۔ یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ آیا ممکنہ معذوری سے متعلق خدشات کو دُور کرنے کے لیے رسمی آزمائش کی ضرورت ہے ۔ کمیٹی کی طرف سے زیر غور اسیسمنٹ بیٹری میں نفسیاتی ، تعلیمی ، یا سماجی و ثقافتی جانچ پڑتال کے ساتھ ساتھ دیگر متعلقہ جانچ پڑتال کے اجزاء بھی شامل ہو سکتے ہیں ۔ کوئی جانچ پڑتال اس وقت تک نہیں کی جاتی جب تک والدین کی تحریری رضامندی نہ ہو ۔

جانچ پڑتال کی تکمیل پر، LSC اور والدین تمام نتائج کا جائزہ لینے اور اس بات کا تعین کرنے کے عمل کو مکمل کرنے کے لیے دوبارہ ملاقات کریں گے کہ آیا طالبعلم معذورطالبعلم کے طور پر اہل ہے ۔ اہلیت کمیٹی FCPS بیسس فار کمیٹی ڈیسیژن (BCD) فارمز کا استعمال اہلیت کے کسی ایسے شعبے کے معیار پر بحث کرنے اور جائزہ لینے کے لیے کرے گی جس کے لیے طالبعلم کے اہل ہونے کا شبہ ہو ۔ ہر معذوری میں شناخت کے مخصوص معیار ہوتے ہیں ، بشمول شناخت شدہ معذوری کے تعلیم پر اثرات کو دُور کرنے کے لیے خصوصی ہدایات کی ضرورت ۔

خصوصی تعلیم کی خدمات کے لیے کوالیفائی کرنے کے لیے ، طالبعلموں کو معذوری کے نتیجے میں ، خاص طور پر تشکیل کردہ ہدایات کی ضرورت ہوتی ہے جو عام تعلیم کے ذریعہ مکمل طور پر معقول طریقے سے فراہم نہیں کی جاسکتی ہے ۔

معذوری کے حامل افراد کی تعلیم کی بہتری کا ایکٹ 2004 ء خاص طور پر تشکیل کردہ ہدایات کی وضاحت یوں کرتا ہے "مناسب طور پر، مواد ، طریقہ کار، یا ہدایات کی ترسیل ، جو طالبعلم کی ان منفرد ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ہوں جو معذوری سے پیدا ہوتی ہیں اور طالبعلم کی عام نصاب تک رسائی کو یقینی بناتی ہیں ۔" خاص طور پر وضع کردہ ہدایات خصوصی پروگراموں میں مختصر مدت کی شرکت سے زیادہ اہم ہیں ۔ کسی طالبعلم کو ایک معذوری ہوسکتی ہے جس میں سہولیات اور اصلاحات و مداخلت کی ضرورت ہوتی ہے لیکن خاص طور پر وضع کردہ ہدایات کی ضرورت نہیں ہوتی ۔ اس صورت میں ، طالبعلم ایک IEP کے لیے اہل نہیں ہوں گے ۔

والدین جو اہلیت کے تعین سے اتفاق نہیں کرتے ، انہیں اہلیت کمیٹی کے فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کا حق ہے ۔ قانونی طریقہ کار اور اہلیت <https://www.fcps.edu/node/32530> دفتر والدین اور عملے کی مدد کرسکتا ہے جب اہلیت کے فیصلوں کے بارے میں تنازعہ پیدا ہوتا ہے ۔

**فرد کا تعلیمی پروگرام (IEP)**

خصوصی تعلیمی خدمات کے اہل ہونے والے طلباء کے لیے ، خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کو پورا کرنے کے لیے ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) تیار کرنا ہوگا جو طالبعلم کو سال کے دوران حاصل ہوں گی ۔ خصوصی تعلیم میں خدمات ان معذور طلباء کے لیے IEP کے ذریعہ پوری کی جائیں گی جو اہل ہوں ۔ ضروریات کے شناخت شدہ شعبوں اور معذوری کی شدت کے لحاظ سے خدمات مختلف طالبعلموں میں مختلف ہوں گی ۔ شناخت کردہ ضروریات کو پورا کرنے کے لیے، IEP ٹیم مطلوبہ اہداف اور خاص طور پر تشکیل کردہ ہدایات تجویز کرے گی ۔

IEP ٹیم ، جس میں اسکول کے ایڈمنسٹریٹر یا انکے نامزد اہلکار ، والدین یا سرپرستوں ، طالبعلم کے عمومی تعلیم کے استاد ، خصوصی تعلیم کے استاد ، اور حسب ضرورت متعلقہ سروس فراہم کرنے والے شامل ہیں ، سال میں کم ازکم ایک بار پیش رفت رپورٹ کرنے اور نئے اہداف مقرر کرنے کے لیے دوبارہ ملاقات کرتی ہے ، سروس کے اوقات اور ترسیل کے آپشنز تجویز کرتی ہے، اور سہولیات پر تبادلہ خیال کرتی ہے ۔ دیگر تعلیمی پیشہ ور ماہرین میں ایڈوانسڈ اکیڈمک ریسورس ٹیچر (AART) شامل ہو سکتے ہیں ، تاکہ IEP ٹیم کو ایڈوانسڈ اکیڈمک پروگراموں میں طالبعلم کی شرکت سے متعلق معلومات فراہم کی جا سکے، یا انگریزی برائے دیگر زبانوں کے بولنے والے (ESOL) کے نمائندے ، تاکہ وہ طالبعلم کی انگریزی زبان کی نشوونما اور اس کے تعلیم پر اثر کے بارے میں بات کرسکیں ۔ اگر مناسب ہو، طالبعلم کو اُسکی اپنی IEP ٹیم میں رکن کے طور پر شامل کیا جا سکتا ہے ۔

2e سیکھنے والوں کے لیے IEP اہداف تیار کرنے والی ٹیمیں اصول کی پاسداری کے بجائے خاص طور پر ضروری مہارتوں کو تیار کرنے پر توجہ مرکوز کرتی ہیں (Delahooke, 2017)؛ مثال کے طور پر، ذاتی اہداف وضع کرنا جیسے کہ ضبط نفس ، خود کو سمجھنا ، اور ذاتی وکالت کو بہتر بنانا بجائے اس کے کہ طالبعلم عمر کے مطابق توقعات پر کتنی اچھی طرح پورا اترتے ہیں ۔ مضبوط تعلیمی مہارت کے حامل طلباء میں انتظامی کام کاج کی مہارت کمزور ، ناقص معاشرتی مہارت ، خود پر قابو پانے میں مشکلات ، اور دیگر ناہموار مہارتیں ہوسکتی ہیں جو طلباء کو بامعنی تعلیمی پیش رفت کرنے کے لیے سکھانے کی ضرورت ہوسکتی ہے ۔

## معذوری کے متعلق - مخصوص معلومات

دُگنا غیرمعمولی (2 ای) سیکھنے والوں میں اعلیٰ تعلیمی صلاحیتں اور ایک معذوری ہے جو ممکنہ صلاحیت اور کارکردگی کے درمیان تفاوت کا باعث بنتی ہے ۔ ذیل میں معذوری کی چار اقسام بیان کی گئی ہیں ، جن میں اس کی مثالیں شامل ہیں کہ ہر معذوری سیکھنے میں کیسے مخل ہوسکتی ہے اور طلباء کو سہولتیں ، خصوصی ہدایات ، ترامیم اور / یا خدمات کی ضرورت پیش آسکتی ہے ۔

### مخصوص تعلیمی معذوری (SLD)

مخصوص تعلیمی معذوری (SLD) سے مراد ایک یا ایک سے زیادہ بنیادی نفسیاتی عمل میں خرابی یا عارضہ ہے جس کا تعلق زبان کے سمجھنے یا اس کے استعمال ، بولنے یا لکھنے سے ہے جو سننے ، سوچنے ، بولنے ، پڑھنے ، لکھنے ، ہجے کرنے ، یا ریاضی کے حساب کتاب کرنے کی نامکمل صلاحیت کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے ۔ اس اصطلاح میں ایسی حالتیں شامل ہیں جیسا کہ سمجھ بوجھ کی کمی ، دماغی چوٹ ، دماغ کا کم کام کرنا ، dyslexia (لکھنے پڑھنے میں مشکل) اور developmental aphasia (کسی دماغی چوٹ یا خلل کی وجہ سے بولنے یا سمجھنے میں دشواری) ۔ اس اصطلاح میں سیکھنے کے ایسے مسائل شامل نہیں ہیں جو بنیادی طور پر بصری ، سمعی ، یا پٹھوں کی معذوریوں ، ذہنی معذوریوں یا جذباتی معذوریوں ، یا ماحولیاتی ، تہذیبی یا اقتصادی پسماندگی کا نتیجہ ہوں ۔

Dyslexia (الفاظ پڑھنے، پہچا ننے، سمجھنے، یاد رکھنے اور لکھنے میں مشکل) ، مثال کے طور پر ، ایک مخصوص تعلیمی معذوری ہے جس کا تعلق بنیادی طور پر اعصابی نظام سے ہے اور یہ دیگر تعلیمی معذوریوں سے الگ ہے جو زبان میں آواز سے متعلق کمزوریوں کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں ۔ اس کا خاصہ درست اور/ یا روانی سے الفاظ کی پہچان میں مشکلات اور ہجے اور ڈی کوڈنگ کی ناقص صلاحیتیں ہوتا ہے ۔ یہ مشکلات عام طور سے زبان میں آواز سے متعلق کمزوریوں کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہیں جو کہ اکثر دیگر ذہنی صلاحیتوں اور کلاس روم میں موثر تعلیمی ہدایات کے لحاظ سے غیر متوقع ہوتی ہیں ۔ ثانوی نتائج میں پڑھ کرسمجھنے میں مشکلات اور کم مطالعاتی تجربہ شامل ہو سکتا ہے جو الفاظ کے ذخیرے میں اضافے اور پس منظر کی معلومات میں ترقی کو روک سکتا ہے ۔

فرسٹ اسٹیپ ایکٹ آف 2018 (پبلک لاء نمبر 115-391) dyslexia کی تازہ ترین تعریف یوں کرتا ہے کہ " 'dyslexia' کی اصطلاح کا مطلب ہے کہ کسی ایسے شخص کے لیے پڑھنے میں غیر متوقع مشکل ، جس میں ذہانت ایک بہت بہتر ریڈر بننے کی ہے، عام طور پر فونولوجیکل پراسیسنگ میں دشواری کی وجہ سے (بولی جانیوالی زبان میں انفرادی آوازوں کی سمجھ) ، جس سے اس فرد کی بولنے ، پڑھنے ، اور ہجے کرنیکی صلاحیت متاثر ہوتی ہے ۔"

### آٹزم سپیکٹرم ڈس آرڈر (ASD)

آٹزم سے مراد نشوونما کی ایسی کمزوری ہے جس سے زبانی اور غیر زبانی رابطے اور سماجی میل جول نمایاں طور پر متاثر ہوتے ہیں ، عام طور پر یہ تین سال کی عمر سے پہلے واضح ہوجاتی ہے اور یہ طالبعلم کی تعلیمی کارکردگی کو بری طرح متاثر کرتی ہے ۔ عموماً آٹزم سے منسلک دیگر نشانیوں میں بار بار دہرانے والی سرگرمیاں اور عجیب و غریب حرکتیں ، ماحولیاتی تبدیلی یا روزمرہ کے معمول میں کسی بھی طرح کی تبدیلی سے مزاحمت ، اور حسی تجربات پر خلاف معمول ردعمل شامل ہے ۔ آٹزم لاگو نہیں ہوتا ہے ، اگر بچے کی تعلیمی کارکردگی بنیادی طور

پر اس لیے بری طرح متاثر ہوتی ہے کہ بچہ جذباتی طور پر پریشان ہے ، جیسا کہ IDEA میں بیان کیا گیا ہے ۔ اگر کسی بھی طالبعلم میں تین سال کی عمر کے بعد آٹزم کی علامات ظاہر ہوتی ہیں تو اس تعریف کے معیار پر پورا اترنے کی صورت میں اسے آٹزم کا شکار قرار دیا جا سکتا ہے ۔

## جذباتی معذوریاں (ED)

جذباتی معذوری (ED) سے مراد ایک ایسی کیفیت ہے جس میں کسی فرد میں طویل عرصے تک درج ذیل میں سے ایک یا ایک سے زیادہ علامات نظر آتی ہیں اور اس حد تک کہ طالبعلم کی تعلیمی کارکردگی بری طرح متاثر ہوتی ہے:

- سیکھنے کے قابل نہ ہونا ، جس کی وضاحت دماغی ، حسی ، یا طبی عوامل کے طور پر نہیں کی جا سکتی؛
- ساتھیوں اور اساتذہ کے ساتھ تسلی بخش ذاتی تعلقات استوار یا جاری رکھنے کے قابل نہ ہونا؛
- عام حالات میں نامناسب اقسام کے رویے یا احساسات؛
- عام طور پر اداسی کا موڈ طاری رہے یا ذہنی دباؤ والا مزاج؛ یا
- ذاتی یا اسکول کے مسائل سے متعلق جسمانی علامات یا ڈر و خوف کی کیفیت میں مبتلا ہونے کا رحجان ۔

اس اصطلاح میں شیزوفرینیا شامل ہے ۔ یہ اصطلاح ان بچوں پر لاگو نہیں ہوتی ہے جو سماجی طور پر غلط طریقے سے ایڈجسٹ ہوتے ہیں ، جب تک کہ یہ تعین نہ کیا جائے کہ ان میں جذباتی معذوری ہے ۔

## صحت سے متعلق دیگر معذوریاں (OHI)

صحت سے متعلق دیگر معذوریوں (OHI) سے مراد جسم میں طاقت کی کمی ، بے جان سی کیفیت یا چوکنا ہونا ہے ، بشمول ماحولیاتی محرک سے زود حِس ہونا ، جس کا نتیجہ تعلیمی ماحول میں محدود توجہ کی صورت میں نکلتا ہے ، جس کی وجہ (1) کوئی دائمی یا شدید نوعیت کی بیماری ہو سکتی ہے جیسے کہ دل کی بیماری ؛ ٹی بی ، گٹھیا کا بخار، گردے کی سوزش ، جوڑوں کی بمیاری ، سِکل سیل اینیمیا ، ہیموفیلیا ، مرگی ، سیسے کا زہر ، لیوکیمیا ، توجہ کی کمی کا عارضہ یا توجہ کی کمی ، بے قراری کا عارضہ ، ذیابطیس یا ٹورٹی سنڈروم (اعصابی عارضہ جس میں رعشہ ، تشنج ہوتا ہے اور منہ سے بے ساختہ آوازیں نکلتی ہیں)؛ اور (2) طالبعلم کی تعلیمی کارکردگی بری طرح متاثر ہوتی ہے ۔ ذیل میں بیان کردہ علامتیں اور مثالیں حتمی نہیں ہیں ۔ دُگناغیرمعمولی طالبعلموں کو جو OHI ہونے کے طور پر شناخت کیے جاتے ہیں ، وہ درج کردہ تمام علامات کو ظاہر نہیں کریں گے ۔

## طالبعلم کے پروفائلز کی بنیاد پر تدریسی خیالات کو انفرادی بنائیے

ہر دُگنا غیرمعمولی (2e) شخص خوبیوں اور ذہانت کا ایک منفرد مرقع ہوتا ہے اور اسے اعلیٰ درجے کے کورس ورک میں مسلسل کامیابی میں اعانت کے لیے انفرادی ، جاری تدریسی سوچ کی ضرورت ہوگی ۔ مندرجہ ذیل چارٹ میں اعلیٰ درجے کی تعلیمی ضروریات کے حامل طالبعلموں کے لیے ، جو تصدیق شدہ معذور بھی ہیں ، ممکنہ خوبیوں ، جدوجہد اور تدریسی خیالات کی مثالیں دی گئی ہیں ۔

| ممکنہ خوبیاں | ممکنہ جدوجہد | تدریسی خیالات |
|---|---|---|
| اعلیٰ لسانی صلاحیت | تحریری اظہار | • زبانی اظہار کے مواقع فراہم کیجیئے<br>• گرافک آرگنائزر اور معاون ٹیکنالوجی کی اعانت کیجیئے<br>• تحریری کام پر مواد گریڈ کیجیئے ، نہ کہ زبان کے مروجہ اصولوں پر |
| اعلیٰ سمجھ بُوجھ | متن کی ڈی کوڈنگ اور / یا پڑھنے کے روانی | • عقلی سطح پر تحریری متن کے لیے سمعی اعانت فراہم کیجیئے<br>• تدریسی طور پر صوتی مہارتوں پر توجہ دیجیئے |
| مسائل حل کرنے کی زبردست مہارتیں | ریاضی کے حساب کتاب | • معاون ٹیکنالوجی فراہم کیجیئے<br>• مینی پولیٹوز اور گرافک آرگنائزرز تک رسائی دیجیئے |
| تفصیل پر توجہ ، یاد کرنے کی شاندار یادداشت | • صورت حال سمجھنا<br>• لچک | • بڑا تصورات کو ، چھوٹے چھوٹے حصوں میں ٹکڑے کیجیئے<br>• پوری صورتحال کے ساتھ تفصیل کو منظم انداز میں منسلک کرنے کیلئے تجزیہ کا کام سونپیئے<br>• تصوراتی تفہیم کو بڑھانے کے لیے حقائق پر مبنی علم اور پیچیدہ تصورات کے درمیان واضح تعلق بنائیے<br>• یاد کرنیکی صلاحیت کے بارے میں خوبی کے شعبوں کو بہتر بنایئے<br>• سمجھنے کی مہارتوں اور روانی بڑھانے کے لیے بصری اعانتیں اور اصلاحات و مداخلت شامل کیجیئے |

| ممکنہ خوبیاں | ممکنہ جدوجہد | تدریسی خیالات |
| --- | --- | --- |
| ایک شعبے میں زبردست مہارت | غیرمساوی یا ناہموار نشوونما: ایک شعبے میں طاقت ، دوسرے میں کمزوری؛ تعلیمی طور پر اعلیٰ درجہ اور جذباتی طور پر ناپختہ ہو سکتا ہے | • خوبیوں کو بڑھانے میں مدد کیجیئے اور زیادہ مطلوبہ اصلاحات ومداخلت اور اعانت کے لیے ضروریات کے شعبوں کا اندازہ لگایئے<br>• اعلیٰ درجے کی پروگرامنگ کے لیے خوبیوں کو نمایاں کیجیئے<br>• سماجی مہارتیں اور خود پر قابو پانے کی حکمت عملیاں سکھائیے |
| دلچسپی کے شعبوں میں گہرا علم | • سیکھنے اور برقرار رکھنے کے لیے تحریک جن میں دلچسپی نہیں؛<br>• گروپ کے کاموں کے دوران مناسب طریقے سے شرکت | • طالبعلموں کو سرگرمیوں ، علوم ، اور کیریئر کا سامنا کرایئے جو ان کی خوبیوں اور جذباتی لگاؤ سے منسلک ہوتے ہوں<br>• ترجیحی سے غیر ترجیحی سرگرمی تک منتقلی میں مدد کے لیے باتصویر نظام الاوقات بنائیے<br>• دلچسپی کے غیر ترجیحی شعبوں میں مشغول ہونے کے لیے مثبت اعتراف؛ گروپ کی سرگرمیوں کے لیے انتہائی منظم پروٹوکول |
| شدید جذباتی ردعمل | دماغی صحت کی تشخیص کے رویے کے اظہار (مثال کے طور پر، تشویش یا اینزائٹی ، اداسی یا ڈپریشن، وسوسے واضطرار کا عارضہ) | • طالبعلم کے مخصوص محرکات پر مبنی منصوبہ تیار کیجیئے ، بشمول غیر زبانی اشارے ، تناؤ کم کرنے کی تدابیر ، اور متبادل خالی جگہیں<br>• طالبعلم کو مشغول کرنے سے پہلے تناؤ کم کرنے کا وقت دیجیئے<br>• مختلف ماحول میں خود پر قابو پانے کے لیے کُھل کر مہارتیں سکھائیے |

| ممکنہ خوبیاں | ممکنہ جدوجہد | تدریسی خیالات |
|---|---|---|
| ارد گرد کے بارے میں آگاہی؛ مضبوط مشاہداتی مہارتیں | ماحولیاتی تبدیلیوں کے متعلق انتہائی حساس | • طالبعلم کے مخصوص محرکات پر مبنی منصوبہ تیار کیجیئے ، بشمول غیر زبانی اشارے ، تناؤ کم کرنے کی تدابیر ، اور متبادل خالی جگہیں |
| ہوسکتا ہے کہ اساتذہ اور ساتھیوں کے ساتھ گھل مل جانے والا اور مشغول ہوتا ہو | جذباتی اور طرزعمل کے ردعمل کو منظم کرنے میں دشواری ، جب متحرک ہو یا زیادہ بھڑک گیا ہو جس کے نتیجے میں رویے میں شدت اور/ یا جذباتی ردعمل ہو سکتا ہے جو صورتحال کے تناظر سے میل نہیں کھاتا | • طلباء کو کلاس سے پہلے اپنے طرزعمل کا ہدف متعین کرنے اور ماحول میں روانی پیدا کرنے کے لیے کلاس کے دوران یا آخر میں خود بینی کرنے میں مدد کیجیئے<br>• خود پر قابو پانے کی مہارتیں سکھائیے (مثال کے طور پر، سانس کی تکنیکس ، وقفہ لینا)<br>• مخصوص مطلوبہ سماجی رویوں کے لیے مثبت رائے دیجیئے (مثلاً ، ٹوکن معیشت) |
| مختلف خیالات یا موضوعات میں دلچسپی | توجہ برقرار رکھنا | • دلچسپی کے شعبوں میں علمی چیلنج سیکھنے کے کاموں ، کورسز ، وسائل ، اور پروگراموں تک رسائی دیجیئے<br>• پیش رفت میں لچک کی اجازت دیجیئے<br>• تحریک کے لیے انتخاب اور مواقع فراہم کیجیئے |
| زبردست مشاہداتی مہارتیں | پیداواری کام میں تفصیل پر توجہ (مثال کے طور پر ، کثیر مرحلہ ہدایات پر عمل کرنا ، کام شروع کرنا ، یا رکاوٹوں کے باوجود جاری رکھنا) | • کثیر جہت طریقوں کی اعانتیں فراہم کیجیئے (بصری ، سمعی ، عضلاتی حس)<br>• کام کا تجزیہ اور مقصد طے کی مہارتیں سکھائیے |

| ممکنہ خوبیاں | ممکنہ جدوجہد | تدریسی خیالات |
|---|---|---|
| جب دلچسپی ہو تو مسلسل توجہ مرکوز | زیادہ ارتکاز کی وجہ سے ایک کام سے اگلے تک منتقلی | • منتقلیوں کی اعانت کیلئے منصوبہ بنائیے<br>• کثیر جہت طریقوں کی اعانتیں فراہم کیجیئے (بصری ، سمعی ، عضلاتی حس)<br>• کام کا تجزیہ اور مقصد طے کی مہارتیں سکھائیے<br>• مخصوص مطلوبہ سماجی رویے کے لیے مثبت رائے دیجیئے |
| مستحکم تنقیدی اور تخلیقی سوچ کی صلاحیتیں | غیر محرک ماحول کے ساتھ منقطع ہونے کی وجہ سے رویے کے مسائل | • سوچ کا مظاہرہ کرنے کے لیے انتخاب اور متبادل طریقے پیش کیجیئے<br>• تحریک اور دانشورانہ ساتھیوں کے ساتھ تعلیمی بات چیت کے مواقع فراہم کیجیئے |

## اصلاحات اور تخصیصی اعانتیں

انسٹرکشنل سروسز ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے ، PreK-12 آفس آف اسپیشل ایجوکیشن انسٹرکشن 2e طالبعلموں کو مدد فراہم کرتا ہے:

- طالبعلموں کے لیے اعانت کے ایک درجاتی نظام کو نافذ کرنے والے اسکولوں کی تربیت اور معاونت
- رویے کی اصلاح و مداخلت کے شعبوں میں پیشہ ورانہ ترقی ، بنیادی ہدایات (خواندگی ، ریاضی ، سائنس ، اور معاشرتی علوم) ، باہمی تعاون پر مبنی تعلیم ، مختلف ہدایات ، رسمی اور غیر رسمی اسیسمنٹس کا استعمال ، اور مواد کی تعلیم کے لیے تحقیق پر مبنی تدریسی حکمت عملی
- نصاب اور تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ان کے مطابق تحقیق پر مبنی مواد
- تدریس اور رویے کی اصلاح ومداخلت سے متعلق شعبوں میں اسکول میں پیشہ ورانہ ترقی کے لیے اسکول عملے کے ساتھ مشاورت
- معذور طلباء کے لیے اعانت کے شعبوں میں نصاب کی تشکیل

FCPS کے لیے PreK-12 نصاب کی ورجینیا اسٹینڈرڈز آف لرننگ (SOL) اور FCPS پروگرام آف اسٹڈیز (POS) کے ذریعہ رہنمائی کی جاتی ہے جس میں ایسے اغراض ومقاصد شامل ہیں جو ہر گریڈ لیول اور نصاب کے شعبے کے لیے شناخت کیے گئے ہیں ۔ یہ نصاب منصوبہ بندی ، نگرانی ، اور طلباء کے کام اور پیشرفت کا مسلسل بنیادوں پر جائزہ لینے کا ایک ذریعہ ہے ۔ پڑھنے ، لکھنے ، ریاضی ، اور انتظامی کام کاج کرنے کے لیے خصوصی تدریسی پروگرام شواہد پر مبنی ہیں ، جو IEP ٹیم کی طرف سے متعین مستقل بنیادوں پر طلباء کو ہدف ، منظم ، اور واضح ہدایات فراہم کرتے ہیں ۔ ان پروگراموں کا استعمال عام تعلیم کے تدریسی پروگرام کی تکمیل اور طلباء کو نصاب تک رسائی کے لیے مختلف طریقے فراہم کرنے کیلئے کیا جاتا ہے ۔

2e طالبعلموں کے لیے خصوصی تعلیمی خدمات ان کے لیے تیار کی گئی ہیں جو عام تعلیمی نصاب میں سہولیات ، خصوصی ہدایات ، ترمیمات ، اور/ یا خدمات کے ساتھ حصہ لیتے ہیں جیسا کہ ان کے IEP میں صراحت کی گئی ہے ۔ یہ طلباء عام طور پر آٹزم (AUT) ، جذباتی معذوریوں (ED) ، سیکھنے کی مخصوص معذوریوں (SLD) ، اور صحت کے دیگر عارضوں (OHI) کے زمرے کے تحت خصوصی تعلیم کی خدمات کے اہل ہوتے ہیں ۔ طلباء کو دوسری معذوری کا سامنا ہو سکتا ہے یا نہیں جو ان کی تعلیمی ترقی پر ثانوی اثر ڈالتی ہے ۔

## 2 طلباء کے لیے اصلاحات ومداخلت کا سلسلہ جاری

2e طالبعلموں کی ضروریات کو پورا کرنے والی اصلاحات ومداخلت ، اعانت کے ایک کثیر درجے کے نظام (MTSS) کے ایک حصے کے طور پر مسلسل ہوتی ہیں ۔ طلباء کی تعلیمی ، رویے یا معاشرتی و جذباتی ضروریات کی اعانت کرنے کے لیے اصلاحات ومداخلت ، چاہے ایلیمینٹری یا سیکینڈری اسکولوں میں ، مختلف سیٹنگ میں فراہم کی جاسکتی ہیں (مثال کے طور پر ، کلاس روم میں ، چھوٹے گروپ ، اصلاحات ومداخلت کی مدت) ۔ ہر طالبعلم کی خوبیاں اور تدریسی ضروریات کو باقاعدگی سے سمجھا جاتا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ مداخلت تدریس کے اجزاء اور عمل درآمد کی شدت کا صحیح امتزاج فراہم کرے ۔

- **درجہ 1: کلاس روم میں ضروریات پر مبنی ہدایات**
- **درجہ 2: مطلوبہ واضح ہدایات یا خصوصی پروگرامز**
- **درجہ 3: گہرے/ جامع خصوصی پروگرامز**

## خصوصی پروگرامز

FCPS طالبعلموں کے لیے شواہد پر مبنی ، کئی خصوصی پروگرام پیش کرتا ہے جن میں مطالعے ، ریاضی ، انتظامی کام کاج کرنے ، اور سماجی و جذباتی ضروریات کے ساتھ ساتھ مخصوص یا گہری مداخلت کی ضرورت ہوتی ہے ۔ اسکول عملے کو پورے سال ان خصوصی پروگراموں کے لیے شیڈول کردہ تربیت کے مواقع تک رسائی حاصل ہے ۔

## تدریسی مماثلت

ایک سائز 2e طلباء کے خصوصی پروگراموں کے ساتھ مکمل مطابقت نہیں رکھتا ۔ طلباء کے ضرورت کے شعبوں اور اس شعبے کو ہدف بنانے کے لیے تیار کردہ پروگرام کے درمیان باہمی مطابقت ہونی چاہیے ۔ یہ ضروری ہے کہ

اہل خانہ اور اساتذہ شناخت کردہ ضروریات پر تبادلہ خیال کریں اور ان سے نمٹنے کے لیے خدمات پر اتفاق رائے پیدا کریں ۔

**استقامت**

اگر اسکول کی ٹیم کسی طالبعلم کو اصلاحات ومداخلت فراہم کرنے کے لیے خصوصی پروگرام استعمال کرنے کا فیصلہ کرتی ہے ، تو پروگرام سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے استقامت کے ساتھ استعمال کیا جانا چاہیے ۔ استقامت کا مطلب یہ ہے کہ اس پروگرام کو اس طرح لاگو کیا جائے جس طرح تحقیق سے نشاندہی ہوئی ہے کہ یہ پروگرام پبلشر کے مطابق سب سے زیادہ مؤثر ثابت ہوگا ۔

IEP ٹیمیں ان خدمات کی تعداد کا تعین کرتی ہیں جن کی ضرورت کسی خاص طالبعلم کو پروگرام کو استقامت کے ساتھ نافذ کرنے کی ضرورت ہوگی ۔ استقامت کے تین اہم عناصر ہیں: تعدد یا فریکوئنسی ، مدت ، اور رفتار ۔ فریکوئنسی یا تعدد یہ کہ پروگرام کتنی بار پیش کیا جاتا ہے ۔ مدت کا مطلب یہ ہے کہ ہر سبق میں کتنے منٹ لگتے ہیں ۔ رفتار ہر سبق اور/ یا مطالعہ کی اکائی کے تعارف کے لیے تجویز کردہ شیڈول ہے ۔ مناسب رفتار طالبعلموں کو پروگرام پر عمل کے دوران متوقع پیش رفت کرنے کے قابل بنائے گی ۔

**ترقی یا پراگریس کی نگرانی**

مقررہ وقفوں پر ہدف شدہ مہارتوں کی پیمائش کرکے طلباء کی پیشرفت کی نگرانی کرنا اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اہم ہے کہ خصوصی پروگرام مناسب تدریسی مطابقت کے طور پر جاری رہے ۔ والدین / سرپرستوں کو باقاعدگی سے وقفوں سے پیش رفت کے بارے میں مطلع کرنے اور اصلاحات ومداخلت پروگرامنگ میں کسی بھی مجوزہ تبدیلیوں کے بارے میں مطلع کرنا بہترین عمل ہے ۔

**کامیاب اصلاح ومداخلت کے لیے کلیدی اجزاء**

- طالبعلم کی ضروریات کو خاص طور پر شناخت کیا جاتا ہے؛ اصلاح ومداخلت اصل مہارت کی کمی سے مطابقت رکھتی ہے اور تربیت یافتہ پیشہ ور ماہر کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے ۔
- تدریس اچھی منصوبہ بندی ، ترتیب ، اور مستقل مزاجی کے ساتھ کی جاتی ہے ۔
- طلبا و طالبات ضروری مہارتوں/ حکمت عملیوں کو تعمیر کرکے بہتری لاتے ہیں ۔
- پیش رفت کی نگرانی مخصوص مہارت / حکمت عملی پر کی جاتی ہے اور مستقل بنیادوں پر زیربحث لائی جاتی ہے ۔
- تبادلہ خیال اصلاح و مداخلت کرنے والے اور دیگر تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول اہل خانہ کے درمیان ہوتا ہے ۔
- طلباء اعلیٰ معیار کی بنیادی تعلیم کا حصول جاری رکھتے ہیں ۔

## باہمی تعاون کے کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق

2e طلباوطالبات ، ان کے خاندانوں ، اور اسکول کے عملے کے درمیان تعاون اور مسلسل رابطہ دُگنا غیرمعمولی طلباء کی متنوع پروگرامنگ ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہے ۔ ذیل میں مختلف اسٹیک ہولڈرز کے

کردار ، ذمہ داریوں ، اور حقوق کی کچھ مثالیں ہیں جو FCPS میں دُگنا غیرمعمولی طلباء کی تعلیم اور سماجی و جذباتی خیروعافیت میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں ۔

| اسٹیک ہولڈر | کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق |
|---|---|
| طلبا و طالبات | • ان کی خوبیوں اور سیکھنے کے چیلنجوں کو پہچانیے اور قبول کیجیئے اور یہ سمجھیے کہ وہ کس طرح بہتر طریقے سے سیکھتے ہیں ۔<br>• وقت گزرنے کے ساتھ ، ان کے IEPs اور مجموعی طور پر سیکھنے کے فیصلے کرنے میں شراکت دار بننے کے لیے درکار مہارتوں اور پختگی کو فروغ دیجیئے ۔<br>• 14 سال کی عمر سے پہلے میٹنگوں میں شرکت کرکے IEP کی منتقلی کی منصوبہ بندی میں حصہ لیجیئے ۔<br>• 14 سال کی عمر میں یا 8 ویں گریڈ میں ، طالبعلموں کو منتقلی کی منصوبہ بندی میں حصہ لینے کے لیے ان کے IEP اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے مدعو کیا جانا چاہئے ۔<br>• 504 منصوبہ بندی کے اجلاسوں میں حصہ لیجیئے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ یہ منصوبہ طالبعلم کی منفرد ضرورت کی عکاسی کرتا ہے ۔ |
| والدین / سرپرست / خاندان | • ضروریات کی نشاندہی کرنے ، طالبعلم کی کامیابی کو فروغ دینے ، اور پیشرفت کی نگرانی کے لیے پس منظر، مشاہدات ، اور دیگر متعلقہ معلومات کا اشتراک کرنے کے لیے طالبعلم اور اسکول کے عملے کے ساتھ تعاون کیجیئے ۔<br>• طلباء کو ان کی خوبیوں اور ضروریات کو سمجھنے میں مدد کیجیئے اور یہ کہ اسکول کے عملے کے ساتھ مؤثر طریقے سے کیسے بات چیت کی جائے ۔<br>• بچے کی خودمختاری اور خوداعتمادی میں اعانت کرنے کے لیے ذاتی وکالت کی مہارتوں کو فروغ دینے اور اپنی تعلیم میں شراکت دار بننا سیکھنے میں مدد کیجیئے ۔<br>• اسکول عملے اور دیگر پیشہ ور ماہرین (مثال کے طور پر، ڈاکٹرز اور تھیراپسٹس) کے درمیان تبادلہ خیال میں مدد کیجیئے جو طالبعلم کے ساتھ کام کرتے ہیں ۔<br>• ذہنی تندرستی کو شامل کرنے کے لیے ضرورت کے شناخت کردہ شعبوں کو تسلیم کرتے ہوئے اور ان کی معاونت کرتے ہوئے ترقی اور کامیابی کا جشن منائیے ۔<br>• مثبت ساتھی اور بالغ تعلقات ، غیر نصابی سرگرمیوں میں شرکت ، معاون بالغوں سے روابط ، اور ان کی کمیونٹی میں مشغولیت کے ذریعے بچے کی مہارتوں کو فروغ دینے اور لچک پیدا کرنے میں مدد کیجیئے ۔ |

| کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق | اسٹیک ہولڈر |
| --- | --- |
| • والدین / سرپرستوں کو یہ حق حاصل ہے کہ جب بچے کو 504 پلان / IEP کے لیے غور کیا جا رہا ہو اور فیصلے کرنے کے لیے استعمال ہونے والے تمام ریکارڈ کو دیکھنے کے لیے مطلع کیا جائے ۔<br>• والدین / سرپرستوں کو IEP/504 کےعمل سے اختلاف کرنے کا حق ہے ۔<br>• اس بات کا یقین کرنے کے لیے شامل رہیے کہ 504 منصوبہ / IEP طالبعلم کی ضروریات کو پورا کرتا ہے ۔ | |
| قیادت کی فراہمی:<br>• اسکول میں اسکول کونسلنگ پروگرام کا نفاذ ۔<br>• اسکول ، ضلع اور / یا ریاست کے کل تعلیمی نصاب کے ساتھ اسکول کونسلنگ پروگراموں کا انضمام ۔<br>• عملی طور پر اسکول کونسلرز کو انفرادی اور گروپ کی نگرانی میں اہل ، مختلف اسکول کونسلرز کی خدمات حاصل کرنا ۔<br>• طالبعلموں کی منفرد ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بہترین پلیسمنٹ اور شیڈول کو یقینی بنانے کے لیے ماسٹر شیڈول پر کام کرنے کے لیے ذمہ دار ۔<br>• نصاب کی رات کا انتظام وانصرام اور پیشکش ۔<br>وکالت:<br>• اسکول اور ڈسٹرکٹ پر مبنی اعدادوشمار کی بنیاد پر2e طالبعلموں کی ضروریات<br>• تمام طالبعلموں کیلئے محنت طلب تعلیم تک رسائی کیلئے رکاوٹوں کا خاتمہ<br>• 2e طالبعلموں پر اثرانداز ہونیوالی پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار کا منصفانہ اطلاق<br>• پالیسیاں جو 2e طلباء کے لیے اسکول کونسلنگ پروگراموں کے نفاذ میں معاونت کرتی ہیں<br>• اسکول کونسلرز کی اسکول لیڈرشپ ٹیموں میں شرکت<br>• پروگرامز اور خدمات جو طالبعلموں کی کامیابی اور حصولِ مقصد کو فروغ دیتے ہیں ۔<br>تعاون واشتراک: | ڈائریکٹر آف اسٹوڈنٹ سروسز |

| اسٹیک ہولڈر | کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق |
| --- | --- |
| | • اسکول میں اسکول کونسلرز کی پیشہ ورانہ ترقی کی ضروریات کا جائزہ لینے کیلئے ان کے ساتھ تعاون<br>• دیگر منتظمین ، خصوصی تعلیم اسکول ٹیم رہنما ، ذہنی صحت کی ٹیم کے دیگر ارکان<br>• اسکول اور کمیونٹی حکام سے بحران میں کارروائی کی کوششیں |
| منتظمین یا ایڈمنسٹریٹرز | • اسکول کی ایسی فضا بنائیے جو افراد اور نظریات ، اختراعات کیلئے احترام ، اور سیکھنے کے مختلف انداز اور تدریسی حکمت عملیوں کے لیے کھلے پن کو فروغ دیتی ہو ۔<br>• طالبعلموں کی اعلیٰ اور خصوصی تعلیم کی ضروریات کو بیک وقت پورا کرنے کے لیے کم سے کم پابندی والے ماحول کو یقینی بنانے کے لیے مسائل کے تخلیقی حل اور لچک کا استعمال کیجیئے ۔<br>• تمام طلباء کی منفرد سیکھنے کی ضروریات پر غور کیجیئے اور اساتذہ کو مسلسل تعاون اور سیکھنے کے مواقع پیش کیجیئے ۔<br>• حکمت عملیوں کو نافذ کرنے ، یونیورسل ڈیزائن فار لرننگ (UDL) ، نصاب کی تفریق ، سہولیات ، اور اگر ضرورت ہو تو IEP میں اساتذہ کی مدد کے لیے تنظیمی ڈھانچہ فراہم کیجیئے ۔<br>• اس بات کو یقینی بنائیے کہ اساتذہ تمام طلباء کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تحقیق اور شواہد پر مبنی طریقوں میں مشغول ہیں ۔<br>• پرنسپل یا نامزد اہلکار اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ IEP/504 پلانز کا سالانہ جائزہ لیا جائے ۔<br>• لچک پیدا کرنے اور اعلیٰ تعلیم ، خصوصی تعلیم ، انگریزی زبان ، معاون اہلکاروں اور خاندانوں کے درمیان تعاون کو آسان بنانے کے لیے وسائل کو مربوط کیجیئے۔<br>• تعاون اور تبادلہ خیال کے ذریعے خدمات کا تسلسل فراہم کیجیئے ۔<br>• ضلع کے دُگنا غیر معمولی ماہر اور دیگر ماہرین اور اسکول میں متعین تدریسی قائدین کے ساتھ تعاون کیجیئے تاکہ تمام عملے کو پیشہ ورانہ ترقی فراہم کی جاسکے |

| اسٹیک ہولڈر | کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق |
|---|---|
| | تاکہ دُگنا غیر معمولی طلبہ کی خصوصیات اور ضروریات کے بارے میں عمومی سمجھ پیدا کی جاسکے ۔ |
| اسپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سربراہان | • اسپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تدریسی رہنما کے طور پرخدمات سرانجام دیجیئے<br>• اسکول کیلئے اسپیشل ایجوکیشن سروسز کو مربوط بنایئے<br>• دُگنا غیر معمولی طلباء کی خصوصی تعلیمی تدریسی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے درکار صحیح سہولیات اور حکمت عملیوں کا تعین کرنے کے لیے خصوصی تعلیمی عملے کی رہنمائی کیجیئے ۔<br>• ضلعی اقدامات ، فلسفہ ، اور اہداف پر توجہ مرکوز کرنے والے اسکول کے عملے کی پیشہ ورانہ ترقی (PD) ضروریات کی رہنمائی یا مدد کیجیئے ۔<br>• تمام خصوصی تعلیم کے اساتذہ کے ساتھ باقاعدگی سے ہفتہ وار/ ماہانہ میٹنگز کی قیادت کیجیئے ۔<br>• فیڈر اسکولوں کے ساتھ خدمات اور منتقلی کو مربوط کرنے کے لیے ایک پوائنٹ پرسن یا رابطہ کار کے طور پر کام کیجیئے ۔<br>• ڈیپارٹمنٹ میں اساتذہ کو ان کے تدریسی اور متعلقہ فرائض کی انجام دہی میں معاونت کیجیئے ۔<br>• اہلیت اور IEP کے عمل کی نگرانی کیجیئے اور اہلیت کے رہنما اصولوں پر مبنی اور ریاست اور وفاقی تقاضوں کے مطابق ٹیم کے فیصلے اور منصوبوں پر عمل کیجیئے ۔<br>• یہ دیکھنے کے لیے ذمہ دار ہے کہ تمام دی گئی مقررہ مدت پر عملدرآمد کیا گیا ہے ، اور تمام مطلوبہ کاغذی کارروائی مکمل ہو گئی ہے ۔<br>• تسلیم کیجیئے کہ دوسرے طلباء کی طرح دُگنا غیر معمولی طلباء کی تعلیم خوبی پر مبنی آئینہ ہے نہ کہ خسارے کا نمونہ ۔<br>• معذور طلباء کے لیے نظام الاوقات تیار کرنے میں ڈائریکٹر آف اسٹوڈنٹ سروسز (DSS) کے ساتھ باہمی تعاون سے کام کیجیئے جن میں دُگنا غیرمعمولی طلباء بھی شامل ہیں ۔<br>• تفویض شدہ طلباء اور کلاس روم کے فرائض کے بارے میں ان کی کامیابی کو آسان بنانے کے لیے تدریسی معاونین سے باقاعدگی سے ملاقات کیجیئے ۔ |

| کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق | اسٹیک ہولڈر |
|---|---|
| • اسکول کے دوسرے محکموں کے ساتھ بات چیت میں رہنمائی فراہم کیجیئے کہ کس طرح دُگنا غیرمعمولی طلباء کی خصوصی تعلیمی تدریسی ضروریات کو بہترین طریقے سے پورا کیا جائے ۔<br>• اس بات کو یقینی بنائیے کہ اساتذہ کو تحقیق پر مبنی تدریسی امداد کے استعمال میں تربیت دی گئی ہے جو دُگنا غیر معمولی طلباء کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے فائدہ مند ثابت ہوئی ہیں ۔<br>• اس بات کو یقینی بنانے میں سائٹ اسسمنٹ کوآرڈینیٹر کی مدد کیجیئے کہ ٹیسٹنگ سہولیات کی ضروریات کا استعمال کورس کے ریاستی اسٹینڈرڈز آف لرننگ (SOL) کے جائزوں کے لیے کیا جاتا ہے جیسا کہ طلباء کے IEPs اور 504 پلانز میں بیان کیا گیا ہے ۔<br>• والدین کے لیے ان کے طلباء کے 2e ہونے کے مضمرات کے بارے میں گھر/ اسکول کے رابطے کو مضبوط بنائیے؛ وسائل یا تدابیر فراہم کیجیئے ۔ | |
| • 2e طالبعلموں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مختلف اور ضروری سہولیات فراہم کرنے کے لیے خصوصی تعلیمی عملے کے ساتھ تعاون کیجیئے ۔<br>• مواد، عمل ، اور پروڈکٹ کی توقعات میں فرق کرتے ہوئے تیز رفتاری اور افزودگی کی مناسب سطح کو یقینی بناتے ہوئے ضروری سہولیات فراہم کرکے اعلیٰ تعلیم کی ضروریات کو پروان چڑھائیے ۔<br>• طلباء کو جدید مواد اور تصورات سے روشناس کروائیے جن کے لیے طلباء کو پچھلے علم سے تعلق اوراسے وسعت دینے کی ضرورت ہوتی ہے ۔<br>• طالبعلموں کے سیکھنے کے گوناں گوں انداز کے لیے خداداد صلاحیت اور خصوصی تعلیم کے شعبوں سے تحقیق اور شواہد پر مبنی طریقوں کا استعمال کیجیئے ۔<br>• طلباء کے اعتماد کو بڑھانے اور ان کی معذوری کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی صلاحیتوں کو فروغ دینے پر توجہ دیجیئے ۔ | عمومی تعلیم کا عملہ |
| • چیلنجنگ اور سخت نصاب تک رسائی کو یقینی بنائیے ۔ | خصوصی تعلیم کے اساتذہ |

| اسٹیک ہولڈر | کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق |
|---|---|
| | • اسکول کے عملے کو یہ سمجھنے میں مدد کیجیئے کہ طالبعلموں کی انفرادی تدریسی ضروریات کو پورا کرنے اور ان کے کمزوریوں کو بہترین طریقے سے دور کرنے کے لیے ان کی خوبیوں کو کس طرح استعمال کیا جائے ۔<br>• IEP کمیٹی کے سالانہ جائزہ اور سالانہ اجلاس میں شمولیت جس میں ہر بچے کی پیشرفت پر تبادلہ خیال کیا جائے اور اگلے سال کے IEP کی منصوبہ بندی کی جائے ۔<br>• IEP سہولتوں ، ترامیم ، اور خدمات پر عملدرآمد کی نگرانی کیجیئے ۔<br>• ضرورت کے شعبوں میں واضح ہدایات فراہم کرسکتے ہیں ، نمونہ بنا سکتے ہیں اور انتظامی کام کاج کرنے کی مہارتیں سکھا سکتے ہیں ، اور طالبعلم کی مہارتوں کی نشوونما میں مدد کر سکتے ہیں ۔ |
| اسکول کی دماغی صحت کی ٹیم کے ارکان (SBMH) | • طلبا وطالبات کو ان کی خوبیوں اور ضروریات کو سمجھنے میں مدد کیجیئے ۔<br>• SBMH ٹیم کے اراکین ، والدین ، اور اساتذہ کے درمیان رابطے اور تعاون کی سہولت فراہم کیجیئے ۔<br>• اسکول میں درکار ذہنی صحت کی معاونت فراہم کیجیئے اور کمیونٹی وسائل کے بارے میں معلومات کا اشتراک کیجیئے ۔<br>• طالبعلم ، اساتذہ ، اور ان کے خاندانوں کو ازالے کی مخصوص حکمت عملیوں کی نشاندہی کرنے میں مدد کیجیئے جو ان کی تعلیمی اور ذاتی زندگی میں کامیابی کا باعث بن سکتی ہیں ۔<br>• اضطراب اور افسردگی کو کم کرنے کے نصب العین کے ساتھ خوبیوں پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے انفرادی اور چھوٹے گروپ کی مشاورت اور سماجی مہارتوں کے اصلاحات ومداخلتی گروپوں کو منظم کیجیئے ۔ |

| کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق | اسٹیک ہولڈر |
|---|---|
| • طالبعلم کی اعلیٰ تعلیم یا ایڈوانسڈ لرننگ ضروریات کی خصوصیات کو سمجھیئے ۔<br>• طالبعلموں کی مجموعی ترقی کی نگرانی کیجیئے ۔<br>• طلباء کی ترقی کے بارے میں والدین سے باقاعدگی سے رابطہ کیجیئے ۔<br>• خصوصی تعلیم سے متعلق تمام کاموں اور مقررہ مدت کی پابندی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ خصوصی تعلیم کے سربراہ کے ساتھ کام کیجیئے ۔<br>• IEPs یا 504 منصوبے تشکیل دیتا ہے ۔<br>• کلاس روم کے اساتذہ سے مشورہ کیجیئے ۔<br>• طلباء کی پروگرامنگ کی ضروریات سے متعلق مسائل کو حل کرنے میں مدد کیجیئے اور حل نہ ہونے والے مسائل کو ٹیم کے دیگر اراکین یا مناسب اہلکاروں کی طرف ریفر کیجیئے ۔<br>• AART کے ساتھ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تعاون کیجیئے کہ دوہری پروگرامنگ کی ضروریات پوری ہوں ۔<br>• سیکنڈری اسکول (12-6) میں طلباء کو مناسب سہولیات کی نشاندہی کرنے میں شامل کیجیئے جو ان کے کام آئیں اور جو وہ مسلسل استعمال کرتے ہیں (IEP یا 504) ۔<br>• انتظامی کام کاج کرنے اور سماجی مہارتوں کی نشوونما پر توجہ بڑھائیے = (سماجی مہارتوں کے گروپ ES/MS- اسکول کے کونسلرز کو شامل کیجیئے) ۔ | اسپیشل ایجوکیشن کیس مینیجر یا 504 کوآرڈینیٹر |
| • طالبعلم کی معذوری کی خصوصیات کو سمجھیئے ۔<br>• اس بات کا تعین کیجیئے کہ آیا طالبعلم کی طاقت زیادہ سے زیادہ ہو رہی ہے ۔<br>اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اسکول کی ٹیم کے ساتھ کام کیجیئے کہ 2e طلباء سیکھنے کے ایک چیلنجنگ ماحول میں ہوں ۔<br>• دوسرے اساتذہ کے لیے پیشہ ورانہ PDs پیش کیجیئے کہ نصاب میں اعلیٰ سطح کی سوچ کی مہارتوں کو کیسے شامل کیا جائے ۔<br>• نئے طلبا وطالبات کی شناخت میں مدد کیجیئے ۔<br>• عملے کو شناخت کے عمل کے متعلق تربیت دیجیئے ۔ | ایلیمنٹری اور مڈل اسکول کی سطح پر ایڈوانسڈ اکیڈمک ریسورس ٹیچرز (AART) |

| کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق | اسٹیک ہولڈر |
|---|---|
| • اعلیٰ درجے کے سیکھنے والوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے حکمت عملیوں کے بارے میں معلومات کے وسائل کے طور پر کام کیجیئے ۔<br>• اس بات کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی تعلیمی ٹیم کے ساتھ تعاون کیجیئے کہ طالبعلم کی دوہری پروگرامنگ کی ضروریات پوری ہوں ۔<br>• IEP اہداف کی تشکیل میں خصوصی تعلیمی ٹیم کے ساتھ تعاون کیجیئے اور اس بات کو یقینی بنائیے کہ مناسب معاونت اور/ یا IEP/504 سہولیات موجود ہوں ۔<br>• 2e طالبعلموں کو بطور ینگ اسکالر نامزد کرنے پر غور کیجیئے*<br><br>*ینگ اسکالرز ماڈل کو اعلیٰ تعلیمی صلاحیت کے حامل طلباء کی شناخت اور ان کی پرورش کے لیے وضع کیا گیا ہے جنہیں ایڈوانسڈ اکیڈمک پروگرامز (AAP) اور کورسز تک رسائی اور کامیابی میں اضافی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ۔ اس میں وہ طلباء جو اپنے خاندان میں امریکہ میں کالج جانے والے پہلے فرد ہیں ، کثیر لسانی سیکھنے والے ، معاشی طور پر پسماندہ طلباء ، اور وہ طلباء جو دُگنا غیر معمولی ہیں ، شامل ہو سکتے ہیں ۔<br><br>**IEP یا 504 ٹیم کے اراکین سے *کسی طالبعلم کو ینگ اسکالر نامزد کرنے سے پہلے* درج ذیل سوالات پر غور کرنے کو کہیئے ۔**<br>• بچے کی IEP کی ضروریات یا 504 پلانز کو پورا کرنے کے لیے کون سی سہولیات مناسب ہیں؟ *ایڈوانسڈ اکیڈیمک* ماحول میں ان سہولیات کا اطلاق کیسے کیا جا رہا ہے؟<br>• کیا شناخت شدہ سہولتیں طالبعلم کی سماجی اور جذباتی دونوں ضروریات کو پورا کرنے کے لیے موزوں ہیں؟<br>• کیا یہ سہولتیں *ایڈوانسڈ اکیڈیمک* ماحول تک رسائی اور کامیاب ہونے کے لیے طالبعلم کے لیے ضروری انتظامی کام کاج کی مہارتوں کی واضح تعلیم پر توجہ دیتی ہیں؟<br><br>**ایک بار جب مناسب سہولیات میسر آجائیں ، اور کمیٹی مندرجہ بالا تمام سوالات پر بات کر سکے ، ٹیم سے مندرجہ ذیل نکات پرغور کرنے کو کہیئے:**<br>• کیا بچے کو ایڈوانسڈ اکیڈمکس میں رسائی اور کامیابی کے لیے اضافی رکاوٹوں *(مثلاً شناخت/ تعلق، اعلیٰ تعلیمی مواقع کا غیرمتناسب سامنا ، سماجی رکاوٹیں ، دقیانوسی خطرہ)* کا سامنا ہے؟ | |

| کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق | اسٹیک ہولڈر |
|---|---|
| • **اگر ایسا ہے، تو اس بچے کو ایک ینگ اسکالر نامزد کیا جا سکتا ہے تاکہ ایڈوانسڈ اکیڈمکس میں ان رکاوٹوں کو کم کیا جا سکے ۔** | |
| • اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کالج بورڈ کے ساتھ رابطے کے طور پر کام کیجیئے کہ 2e طلباء اپنی درکار سہولیات کے ساتھ اسیسمنٹس دے سکیں ۔ | اسکول میں متعین AP کوآرڈینیٹر |
| • اس بات کو یقینی بنانے کے لیے انٹرنیشنل بیکالوریٹ کے ساتھ رابطے کے طور پر کام کیجیئے کہ 2e طلباء اپنی درکار سہولیات کے ساتھ اسیسمنٹس دے سکیں ۔ | اسکول میں متعین IB کوآرڈینیٹر |
| • متعلقہ خدمات فراہم کیجیئے<br>• جانچ پڑتال کیجیئے<br>• پیش رفت کا جائزہ لیجیئے<br>• IEP اہداف طے کیجیئے<br>• کلاس روم اساتذہ کی اعانت کیجیئے<br>• طالبعلم ، خاندان ، AART ، اور خصوصی تعلیم کے کیس مینیجر، کلاس روم ٹیچر کے ساتھ تعاون کیجیئے ۔ | متعلقہ خدمات فراہم کرنے والے (مثلاً اسپیچ لینگوئج پیتھالوجسٹ ، OT، PT) |
| • کلاس روم ہدایات میں اعانت کیجیئے ۔<br>• خصوصی تعلیم کی تدریس میں اعانت کیجیئے ۔<br>• کلاس روم ٹیچر کی نگرانی میں ، ضرورت پڑنے پر اضافی مدد اور ہدایات فراہم کیجیئے<br>• کلاس روم ٹیچر کی نگرانی میں ، طالبعلموں کو سہولیات فراہم کیجیئے<br>• اصلاحی تعلیم میں مدد کیجیئے<br>• سیکھنے کے عمل کو بڑھانے کے لیے طلباء کے چھوٹے گروپ کے ساتھ کام کیجیئے | اسپیشل ایجوکیشن انسٹرکشنل اسیسٹنٹس |

| کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق | اسٹیک ہولڈر |
|---|---|
| • کلاس روم کے اچھے ماحول کو یقینی بنانے کے لیے اساتذہ کی کسی بھی طرح سے ضروری مدد کیجیئے | |
| • اسکول کی ٹیموں کے ساتھ رویے سے متعلق مسائل کو حل کرنا<br>• فعال طور پر مدد کرنے کے لیے طلباء کے عملے میں شرکت کیجیئے<br>• اعدادوشمار اکٹھا کرنے اور تجزیہ کرنے میں اسکول کے عملے کی رہنمائی کیجیئے<br>• طالبعلم / کلاس روم کا مشاہدہ کیجیئے<br>• کوچ اور تعاون پر مبنی فعال حل کے ماڈل بنائیے<br>• FBA/BIP ٹیم کے عمل کو آسان بنائیے<br>• کلاس روم میں شواہد پر مبنی حکمت عملیوں کی تربیت اور نمونے بنائیے<br>• ضلع ، ریجن ، اور اسکول میں پیشہ ورانہ ترقی کی تربیت فراہم کیجیئے | طرزعمل کی اصلاحات کی خدمات |
| • اساتذہ کو مدد فراہم کیجیئے جس کی انہیں سیکھنے کے عمل کو بڑھانے کے لیے ٹیکنالوجی کو ملانے کی ضرورت ہے<br>• پیشہ ورانہ تعلیم کا منصوبہ بنائیے جو ضلع کے تدریسی اہداف کے مطابق ہو اور طلباء کے سیکھنے میں معاون ہو<br>• اسکول عملے اور ڈویژن بھر میں ٹیکنالوجی کے وسائل / دفاتر کے درمیان رابطے کے طور پر کام کیجیئے<br>• کلاس روم ڈیجیٹل وسائل اور طلباء کے اکاؤنٹس کے انتظام میں اساتذہ کی مدد کیجیئے<br>• تدریسی ٹیکنالوجی کے انضمام کے متعلق اساتذہ کو تربیت دیجیئے تاکہ وہ کام انجام دینے میں دُگنا غیر معمولی طلباء کی مدد کریں جو بصورت دیگر معذوری کی نوعیت کے پیش نظر مشکل یا ناممکن ہوں<br>• UDL فریم ورک کا استعمال کرتے ہوئے اسباق کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے اساتذہ کے ساتھ تعاون کیجیئے تاکہ تمام طالبعلموں کے لیے سیکھنے میں اضافہ ہو<br>• ڈیجیٹل وسائل کے استعمال میں منتظمین اور اساتذہ کی مدد کیجیئے تاکہ وہ منسلک ہوسکیں اور بات چیت کرسکیں<br>    ○ طلبا و طالبات کے ساتھ | اسکول میں متعین ٹیکنالوجی اسپیشلسٹ |

| اسٹیک ہولڈر | کردار ، ذمہ داریاں ، اور حقوق |
|---|---|
| | ○ والدین کے ساتھ<br>○ کمیونٹی کے ساتھ |

28 CFR 35.104. - Section 504 of the Rehabilitation Act of 1973 (29 U.S.C.)

Assouline, S. G., Colangelo, N., VanTassel-Baska, J., & Lupkowski-Shoplik, A. (2015). A Nation Empowered: Evidence Trumps the Excuses Holding Back America's Brightest Students (Vol. 2). IA City, IA: Connie Belin & Jacqueline N. Blank International Center for Gifted Education and Talent Development, University of Iowa.

Baska, A., & VanTassel-Baska, J. (2018). Interventions that work with special populations in gifted education. Waco TX: Prufrock Press

Fairfax County Public Schools, Procedures Required for Implementation of Special Education Regulations in Virginia's Public Schools, accessed 5/11/19 via https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/OSEPSprocedures.pdf

*Individuals with disabilities education act (IDEA)*. Individuals with Disabilities Education Act. (2024, March 27). https://sites.ed.gov/idea/

Individuals with Disabilities Education Act. (n.d.). Retrieved May 16, 2024 https://vafamilysped.org/idea-virginia

International Dyslexia Association. (n.d.). Retrieved May 30, 2024 https://dyslexiaida.org/senate-passes-first-step-act/

Tomlinson, C. A. (2005). How to Differentiate Instruction in Academically Diverse Classrooms, 3rd Edition. Upper Saddle River, NJ.


U.S. Department of Education, A Guide to the Individualized Education Program (2007), accessed 5/11//19 via https://www2.ed.gov/parents/needs/speced/iepguide/index.html

VanTassel-Baska, J., & Baska, A. (2021). *Curriculum planning and instructional design for gifted learners*. Routledge.

Virginia Department of Education, Regulations Governing Educational Services for Gifted Students (various sections as cited), (2010), accessed 5/11/19 at http://www.doe.virginia.gov/instruction/gifted_ed/gifted_regulations.pdf

Virginia Department of Education, Supporting Teaching Twice Exceptional Students Toolkit Strategies (2022). Retrieved May 3, 2024, from https://www.doe.virginia.gov/home/showpublisheddocument/50383/63833410905133000

# باب III:
## طلبا و طالبات اور خاندان



# باب III: عنوانات

- 2e کے سماجی اور جذباتی اثرات
- ذاتی وکالت اور طالبعلم کی آواز
- خاندان اور اسکول بطور اشتراک کار

## 2e کے سماجی اور جذباتی اثرات

ہونہار طالبعلموں کی جذباتی خصوصیات پر کئی عشروں کی تحریر اور تحقیق نے ان منفرد سماجی-جذباتی چیلنجوں کی طرف اشارہ کیا ہے جن کا سامنا ہونہار سیکھنے والوں کو معذوری سے کرنا پڑتا ہے ( Beckman, E. and Minnaert, A., 2018) ۔ اپنی کافی طاقتوں کے باوجود ، 2e طلباء کم عزتِ نفس ، کمال پرستی ، کارکردگی کی بے چینی ، سماجی تنہائی ، اور کم کامیابی کا شکار ہوسکتے ہیں (Webb et al، 2010 ؛Assouline، S.G. et al، 2010) ۔ کچھ 2e طلباء میں ایک معذوری ہوتی ہے جو بنیادی طور پر جذباتی ہوتی ہے ، جیسا کہ اضطراب کا عارضہ یا ڈپریشن (Probst, 2011) ۔ شدید اضطراب اور ڈپریشن ، جب ان پر توجہ نہ دی جائے تو دائمی غیر حاضری ، اسکول فوبیا ، اسکول سے انکار ، اور اسکول چھوڑنے کا باعث بن سکتے ہیں (امریکی محکمہ تعلیم ، 2013-14) ۔

اعلی سطح کے ادراک کے لیے ان کی صلاحیت کی وجہ سے، 2e طلباء نے اپنی معذوری کے اثرات کے بارے میں شعوروآگہی کو بڑھا دیا ہے ۔ وہ اپنی غیریکساں کارکردگی کی وجہ سے اساتذہ اور والدین کو مایوس کرنے کے بارے میں ضرورت سے زیادہ فکر مند ہو سکتے ہیں ، اپنی صلاحیتوں پر شک کر سکتے ہیں ، اور اگر وہ اپنی صلاحیت کے مطابق کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کر رہے ہیں تو وہ اسکول سے الگ ہو سکتے ہیں (Weinfeld et al, 2011) ۔

**طالبعلموں کی سماجی و جذباتی ضروریات میں اعانت**

2e طلباء کے خاندانوں اور اساتذہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ طالبعلموں کے جذبات ، خیالات ،اور آئیڈیاز کو پہچانیں اور ان کی مدد کریں اور اس بات پر تبادلہ خیال کریں کہ وہ دوہری استثنائیات سے کیسے متاثر ہوتے ہیں ۔ قابل اعتماد بالغ افراد 2e طالبعلموں کو قابل حصول اہداف کی نشاندہی کرنے ، کامیابیوں کا جشن منانے ، اور کوشش اور پیش رفت کو پہچاننے اور منانے میں مدد کر سکتے ہیں ۔

2e طلباوطالبات کے ساتھ کام کرتے وقت ، یہ سمجھنے میں ان کی مدد کرنا ضروری ہے کہ تمام طلباء کے پاس تعلیمی اور غیر تعلیمی میدانوں میں مختلف قسم کی صلاحیتیں اور چیلنجز ہیں ۔ اساتذہ اور خاندانوں کی طرف سے سمجھے جانے اور ان کی مدد کیے جانے سے ان طلباء کو یہ سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے کہ انہیں اپنے مسائل کی وجہ سے محدود رہنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ اسکول اور خاندان برداشت ولچک کی نشوونما میں مدد کے لیے مل کر کام کر سکتے ہیں ، جس کی تعریف مشکل حالات کا مقابلہ کرنے یا جلد بحال ہونے کی صلاحیت کے طور پر کی جاتی ہے ۔ جب 2e طالبعلم لچکداری اور استقامت سیکھتے ہیں، تو وہ اپنے چیلنجوں کا سامنا کر سکتے ہیں اور ان پر قابو پانے یا ان سے نمٹنے کے طریقے تلاش کر سکتے ہیں ۔

اسکول کے ماحول میں ممکنہ تناؤ جیسے منتقلی ، پرہجوم ہال ویز ، نظام الاوقات میں تبدیلی ، آگ سے بچاؤ کی مشقیں ، اسمبلیاں ، گروپ ورک ، اور/ یا سماجی میل جول شامل ہیں ۔ دُگنا غیرمعمولی طلباء کو حسی اوورلوڈ ، انتہائی حساسیت ، اور جذبات پر قابو پانے کی وجہ سے اسکول کے ماحول میں زیادہ جدوجہد کرنا پڑ سکتی ہے ۔

اسکول کے ماحول میں تناؤ کے عوامل کو کم کرنے کے لیے کام کرتے وقت خاندانوں اور اسکول کے عملے کے درمیان بات چیت اہم ہے ۔

**سماجی مسائل یا چیلنجز**

2e طالبعلموں کے لیے دوستی اور سماجی حالات سے گزرنا مشکل ہو سکتا ہے ۔ معذور طالبعلم ، بشمول 2e طلباء ، غیرمعذور طلباوطالبات کی بہ نسبت زیادہ شرح سے تنگ کیے جاتے ہیں (Horowitz, et al 2016) ۔ دُگنا غیر معمولی طالبعلم محسوس کرسکتے ہیں کہ وہ عام ساتھیوں ، ایڈوانسڈ لرننگ کی ضروریات کے حامل ساتھیوں ، یا معذور ساتھیوں کے ساتھ ہم آہنگ نہیں ہوتے ۔ وہ بڑے یا چھوٹے طلباء اور بڑوں کی طرف متوجہ ہو سکتے ہیں ، دوست بنانے میں دشواری کا سامنا کر سکتے ہیں ، یا غنڈہ گردی کا نشانہ بن سکتے ہیں ۔ نتیجتاً ، کچھ 2e طلباء کو ، خاص طور پر جو آٹزم ، سماجی اضطراب ، یا سماجی اشارے سمجھنے میں دشواری کا شکار ہیں ، کچھ کلاس ورک تک رسائی اور کلبوں اور غیر نصابی سرگرمیوں میں شمولیت کے لیے سماجی مہارتوں میں براہ راست اور واضح ہدایات اور/ یا اضافی معاونت کی ضرورت ہو سکتی ہے (Weinfeld, et al 2011) ۔

والدین اور اسکولوں کو 2e طالبعلم کی جذباتی کیفیت میں تبدیلی اور اس کے سدباب کے لیے ، مناسب طور سے ، تیار رہنا چاہیئے ۔ اسکول کے کونسلرز ، ماہر نفسیات ، اور سماجی کارکن والدین کو ضرورت پڑنے پر باہر کی ایجنسیوں کے ریفرلز دے سکتے ہیں ۔ والدین ضروری ذرائع تلاش کرنے کے لیے اپنی بیمہ کمپنیوں اور کمیونٹی ایجنسیوں سے رابطہ کر سکتے ہیں ۔

**ذاتی وکالت اور طالبعلم کی آواز**

دُگناغیر معمولی (2e) طلباء کو اس وقت بااختیار بنایا جاتا ہے جب ان کی زندگیوں میں بالغ افراد انہیں یہ دریافت کرنے میں شامل کرتے ہیں کہ غیرمعمولی قابلیت اور معذوری ان کے لیے کیا معنی رکھتی ہے ، سب سے زیادہ مدد کرنے والے تعاون کی وکالت کرتے ہیں، اور کوشش ، ترقی اور خوبیوں کا جشن مناتے ہیں ۔

ذاتی وکالت طلباء کو اپنی ضروریات کے متعلق بات کرنے کے لیے درکار مہارت فراہم کرتی ہے ۔ جب 2e طلباء سیکھنے کے ماحول میں اپنی ضروریات کو پہچانتے اور ان سے آگاہ کرتے ہیں ، تو وہ اپنے تعلیمی تجربات کی صورت گری کرنے میں زیادہ شامل ہوتے ہیں ، جو باالآخر زیادہ اعتماد ، خود آگاہی ، اور کامیابی کا باعث بنتے ہیں ۔ جائزوں سے پتہ چلتا ہے کہ جن طالبعلموں کو اپنی زندگی کے بارے میں کیے جانے والے فیصلوں میں حصہ لینے کا موقع دیا جاتا ہے ان کے گریجویشن کے ایک سال بعد زیادہ آمدنی حاصل کرنے کا امکان زیادہ ہوتا ہے (Wehmeyer, 2004) ۔ طلباء کی خود ارادیت کو فروغ دینا خصوصی تعلیم میں ایک بہترین عمل کے طور پر شناخت کیا گیا ہے ۔ معذور طلباء پر تحقیق یہ ظاہر کرتی ہے کہ خود ارادیت منزل کے حصول اور عام تعلیمی نصاب تک رسائی کو فروغ دیتی ہے (Shogren, Palmer, Wehmeyer, Williams-Diehm, & Little, 2012) ۔ خود وکالت ، دیگر مہارتوں کی طرح ، سیکھی جاتی ہے اور اسے تشکیل پانے میں وقت لگتا ہے ۔

طالبعلموں کو اپنے منفرد لرنر پروفائل کے ساتھ اپنے تجربے کو سمجھنا ضروری ہے، تاکہ وہ اپنی خوبیوں کو زیادہ

سے زیادہ کرنے اور اپنی حدود کو کم کرنے کے لیے مدد حاصل کر سکیں ۔ یہ ذاتی وکالت ، جلد از جلد سکھائی جاتی ہے ، کالج میں ، کیریئرمیں ، اور جوانی میں تعلقات میں کامیابی کے لیے ضروری ہوگی ۔

## طالبعلم کی آواز

طالبعلم کی آواز اس وقت موجود ہوتی ہے ، جب بالغ افراد طلباء کی مہارت ، آراء ، اور خیالات کی قدر کرتے ہیں ، اور اسکول اور کلاس روم کے تجربات کی صورت گری کرنے اور تخلیق کرنے کے لیے ان کے تعاون کی درخواست کرتے ہیں ۔ جب طلباء سمجھتے ہیں کہ ان کی آوازیں اہم ہیں ، تو ان کی سرمایہ کاری اور مشغول ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے (Quaglia & Corso, 2014) ۔ طلبا و طالبات کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنے الفاظ میں بیان کریں کہ ان کی دوہری استثنائیات ان کی زندگی کے تمام شعبوں میں ان پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہیں ، بشمول وہ کس طرح بہترین طریقے سے سیکھتے ہیں ، اور ان کی مدد کے لیے کون سی حکمت عملیاں استعمال کی جا سکتی ہیں ۔ یہ آگہی انہیں اپنے سیکھنے میں اپنا وکیل اور شراکت دار بننے کی طاقت دے گی ۔

## ذاتی وکالت کی ترقی اور طالبعلم کی آواز کا فروغ

جذباتی طور پر محفوظ ماحول بنانا سیکھنے کو فروغ دینے کے لیے بہت ضروری ہے ( Quaglia & Corso, 2014) ۔ جو طلباء خود کو محفوظ محسوس کرتے ہیں ان کے سوالات کرنے اور اپنی سیکھنے کی ضروریات کی وکالت کرنے کا زیادہ امکان ہوتا ہے ۔ ان طریقوں کی مثالیں جن سے خاندان اور اساتذہ ذاتی وکالت کی ترقی اور طالبعلم کی آواز کو بااختیار بنانے میں مدد کر سکتے ہیں ۔

**فعال توجہ سے سننے میں مصروف ہونا**

- طلباء کے ساتھ مکالمہ کیجیئے کہ وہ کس طرح بہترین طریقے سے سیکھتے ہیں ۔ ان کے بعض خیالات کو گھر پر یا کلاس روم میں لاگو کیجیئے تاکہ ان کی رائے کا احترام کیا جا سکے ۔
- طالبعلموں کو یہ بتانے کے لیے سیکھنے میں مدد کریں کہ ان کا منفرد سیکھنے کا پروفائل ان کی زندگی کے تمام شعبوں میں ان پر کیسے اثر انداز ہوتا ہے ۔
- مستقبل کے لیے طلباء کی خواہشات کے بارے میں جانیئے تاکہ عزتِ نفس ، مشغولیت ، اور مقصد کے فروغ میں مدد ملے (Quaglia & Corso, 2014) ۔

**تعاون واشتراک کو باسہولت بنایئے**

- طالبعلموں کو ان کی آواز تلاش کرنے کی ترغیب دیجیئے ۔ ان سے پوچھیئے کہ وہ بیان کریں کہ 2e ہونے کا ان کے لیے کیا مطلب ہے، اور اپنی خوبیوں اور ترقی کے شعبوں کی نشاندہی کریں ۔
- طلباء کو دریافت کرنے اور اشتراک کرنے کے مواقع فراہم کیجیئے کہ کون سی حکمت عملیاں سب سے زیادہ مدد کرتی ہیں ۔
- طلباء کو ان کے IEPs یا 504 پلانز میں اہداف اور سہولیات سے روشناس کروائیے ۔
- طلباء کی حوصلہ افزائی کیجیئے کہ وہ اپنی IEP یا 504 میٹنگوں میں حصہ ڈالیں یا ان میں شرکت کریں ، جیسا بھی مناسب ہو ۔

- الفاظ کی تلاش کو آسان بنانے کے لیے مکالمے کی مشق کیجیئے اور رول پلے کے ذریعے "میں" بیانات کا استعمال کیجیئے؛ یہ تاثرات کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے (Jones, 2014) ۔

**ترقی کی سوچ اور خطرات مول لینے کو فروغ دیجیئے**

- ترقی کی سوچ ، اور اس یقین کو ، کہ طلبا سیکھنا جاری رکھ سکتے ہیں اور سخت محنت اور استقامت وبرداشت کے ذریعے چیلنجوں پر قابو پا سکتے ہیں ، فروغ دیجیئے (Dweck, 2016) ۔
- طلباء کو سکھائیے کہ وہ اپنی کوششوں کا جائزہ لیں اور بلند لیکن قابل حصول اہداف مقرر کریں ۔
- طلباء کو سیکھنے کی حکمت عملیوں پر غور کرنے میں مدد کیجیئے جو وہ استعمال کرتے ہیں اور جب وہ جدوجہد کرتے ہیں تو متبادل دریافت کرتے ہیں ۔
- طالبعلموں کی یہ بتاتے ہوئے نپے تُلے خطرات لینے کی حوصلہ افزائی کیجیئے کہ غلطیاں سیکھنے کا ایک لازمی حصہ ہیں ۔
- طلباء کو مدد مانگنا سکھائیے ۔ جب ہمیں مدد کی ضرورت ہو تو تسلیم کرنے میں ہی بھلائی ہے (Jones, 2014) ۔

## خاندان اور اسکول بطور اشتراک کار

اسکول کے مؤثر اشتراکِ کار والدین اور اسکول کے عملے دونوں کی مہارت کو تسلیم کرتی ہیں کیونکہ وہ طالبعلم کے لیے ایک جامع منصوبہ بنانے کے لیے اشتراک کرتے ہیں جو طالبعلم کی تمام ضروریات کو پورا کرتا ہے اور اسکول ، گھر اور دیگر ماحول میں ان کے تجربے کو مدنظر رکھتا ہے ۔

### باہمی تعاون کے اشتراکِ کار

یہ تعین کرنے کے لیے کہ ہر بچے کے لیے کونسا طریقہ بہترین ہے ، بے شمار افراد کی مہارت درکار ہوتی ہے ۔ اس کا مقصد اسکولوں اور خاندانوں کے لیے یہ ہے کہ وہ طالبعلم کے لیے خود کو سمجھنے کے لیے مل کر کام کریں تاکہ ان کی اپنی وکالت خود کرنے اور اسکول اور زندگی میں کامیابی کا تجربہ کرنے میں مدد کی جاسکے ۔

اسکول کے ماحول میں بہت سے نظام دستیاب ہیں جو 2e طلباء کو اپنے دور کے سماجی- جذباتی اور تعلیمی تقاضوں پر بات چیت کرنے کی اجازت دیتے ہیں ۔ اسکول کے باہر یہ نظام مختلف ہو سکتے ہیں ۔ والدین گھر اور دیگر سماجی ماحول سے معلومات لاتے ہیں ، بشمول اسکول سے باہر طالبعلم پر اسکول کی ضروریات کا اثر۔ اسکول ، اپنے ماحول سے معلومات لاتے ہیں ۔ ایک مؤثر گھر ۔ اسکول اشتراک کار یا پارٹنرشپ 2e طلباء کی ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگراموں اور کورسز تک رسائی اور کامیابی میں مدد کر سکتی ہے ۔

FCPS فیملی ریسورس سنٹر والدین ، اساتذہ ، اور کمیونٹی ممبران کی معلومات اور وسائل تک رسائی کے لیے ایک خوش آئند ماحول پیش کرتا ہے تاکہ تمام طالبعلموں کی کامیابی میں مدد کی جا سکے، بشمول وہ لوگ جو سیکھنے کے چیلنجز سے نبردآزما ہیں ۔ مفت ورکشاپس ، ٹیوشن کی معلومات ، رازدارانہ مشاورت ، اور مستعار دینے والی لائبریری

بشمول دُگنا غیرمعمولی افراد کے متعلق کتابیں ، اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرنے کے لیے دستیاب ہیں کہ تمام طلبا متاثرکن ، مشغول اور ترقی کی منازل طے کر رہے ہیں ۔

**ثقافتی اور لسانی متنوع خاندانوں سے تبادلہ خیال**

ثقافتی اور لسانی لحاظ سے متنوع خاندان ایسی توقعات اور تجربات لا سکتے ہیں جو ان لوگوں سے مختلف ہوں جنہوں نے صرف امریکی اسکول سسٹم کا تجربہ کیا ہے ۔ مؤثر شراکت داری FCPS کے تعلیمی نظام ، توقعات ، مواقع ، اور طریقہ ہائے کار کی وضاحت کے ارد گرد مختلف نقطہ ہائے نظر کے احترام کرتی ہیں اور خصوصی توجہ دیتی ہیں ۔ تعلیمی نظام اور ثقافتوں کے درمیان فطانت اور خصوصی تعلیم کا تصور مختلف ہے ۔ علاوہ ازیں ، بہت سی تعلیمی اصطلاحات کا براہ راست ترجمہ نہیں ہوتا ہے اور ان کے لیے اضافی وضاحت کی ضرورت پیش آسکتی ہے ۔

والدین کیلئے رابطہ میں معاونت اسکولوں کے ذریعے دستیاب ہے اور انفرادی اسکول کی کمیونٹیز کی ضروریات کو مدنظر رکھا جاتا ہے ۔ والدین کے رابطہ کار گھر-اسکول-کمیونٹی بات چیت کو آسان بنانے ، بچوں کی تعلیم میں والدین کی شمولیت کی حوصلہ افزائی ، اور والدین کو ان کے بچے جو کچھ سیکھ رہے ہیں ، سے منسلک کرنے پر توجہ دیتے ہیں ۔ مزید برآں ، والدین کے رابطہ کار والدین ، عملے کے اہلکاروں ، اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ اور ان کے درمیان تعلقات استوار کرنے میں مدد کرتے ہیں ۔ وہ FCPS کی معلومات اور وسائل فراہم کرتے ہیں ، خاندانوں کے ثقافتی تنوع کی تفہیم کو فروغ دیتے ہیں ، والدین کو ہیومن سروسز کے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں اور ان سے منسلک کرتے ہیں ، اور اسکول کی طرف سے والدین کا خیرمقدم کرتے ہیں ، اعتماد بڑھاتے ہیں ، اور قابل قدر ہونے کا احساس دلاتے ہیں ۔

ایف سی پی ایس کی پیرنٹ انفارمیشن فون لائنز <https://www.fcps.edu/node/28411> ایسے والدین کیلئے ، جو انگریزی بطور پہلی زبان نہیں بولتے،  آٹھ مختلف زبانوں میں دستیاب ہیں ۔ اسکول سسٹم کا کوئی اہلکار 24 گھنٹوں کے اندر اندر ، پیر سے جمعہ کے دن ، آپ کی ترجیحی زبان میں کال کا جواب دے گا ۔ کال کرنے والا مطلوبہ معلومات فراہم کرے گا اور ان کی اسکول کے متعلقہ اہلکار سے بات کرنے کا انتظام کرے گا جو وسائل تک رسائی فراہم کریں گے ۔

## باب III حوالہ جات


Assouline, S. G., Nicpon, M. F., and Whiteman, C. (2010). Cognitive and psychosocial characteristics of gifted students with written language disability. Gifted Child Q54, 102–115. doi: 10.1177/0016986209355974

Beckmann, E., & Minnaert, A. (2018). Non-cognitive characteristics of gifted students with learning disabilities: An in-depth systematic review. *Frontiers in Psychology*, *9*, [504]. https://doi.org/10.3389/fpsyg.2018.00504

Dweck, C. S. (2016). Mindset: The new psychology of success (2nd ed.). New York, NY: Penguin Random House.

Helping 2e Children Develop their Voice: Self-Advocacy. Jones, K (2014, September) http://www.2enewsletter.com/article_self-advocacy_2011_Jones.html

Horowitz, S. H., Rawe, J., & Whittaker, M. C. (2017). The State of Learning Disabilities: Understanding the 1 in 5. New York: National Center for Learning Disabilities.

King, E. W. (2005). Addressing the social and emotional needs of twice-exceptional students. *Teach. Except. Child.* 38, 16–20. doi: 10.1177/004005990503800103

Probst, Barbara (2011). When Your Child's Exceptionality is Emotional: Looking Beyond Psychiatric Diagnosis. 2e Newsletter, http://sengifted.org/when-your-childs-exceptionality-is-emotional-looking-beyond-psychiatric-diagnosis/


Quaglia, R.J. & Corso, M.J (2014). Student voice: The instrument of change. Thousand Oaks, CA: Corwin Press.

Shogren, K. A., Palmer, S. B., Wehmeyer, M.L., Williams-Diehm, K., & Little, T.D. (2012). Effect of Intervention with the Self-Determined Learning Model of Instruction on Access and Goal Attainment. Remedial and Special Education, 33, 320-330.

Wehmeyer, M., Agran, M., & Hughes, C. (2000). A national survey of teachers' promotion of self-determination and student directed learning. Journal of Special Education, 34, 293-301.

Weinfeld, Rich, Barnes-Robinson, Linda, Jeweler, Sue, & Roffman Shevitz, Betty (2011). Smart Kids with Learning Difficulties: Overcoming Obstacles and Realizing Potential, Second Edition. Waco, TX, Prufrock Press.

# باب IV:
## اضافی 2E وسائل و ماخذ



### باب IV: عنوانات

- FCPS رابطہ کار
- FCPS قابلِ پرنٹ وسائل و ماخذ
- FCPS ویب وسائل و ماخذ
- کتابیں
- 2e کمیونیٹیز

# FCPS رابطہ کار

**اسکول میں متعین رابطہ کار**

جن والدین کے سوالات یا خدشات ہیں انہیں چاہیے کہ وہ بچے کے اسکول سے رابطہ کریں ، کلاس روم کے اساتذہ سے شروع کریں ، اس کے بعد حسبِ ضرورت اسکول میں متعین دیگر عملے سے ۔ ہر اسکول کے لیے رابطہ کی معلومات FCPS کی ویب سائٹ پر Schools and Centers <https://www.fcps.edu/node/31008> کو تلاش کرکے حاصل کی جاسکتی ہیں ۔ ذیل میں اسکول میں متعین عملہ ہے جو والدین کے سوالات یا خدشات کے حوالے سے مدد کر سکتا ہے:

- کلاس روم ٹیچرز
- ایڈوانسڈ اکیڈیمک ریسورس ٹیچر (ایلیمینٹری اسکولز)
- اسپیشل ایجوکیشن کیس مینیجر یا 504 پلان کیس مینیجر
- اسکول منتظمین
- اسکول کونسلر
- اسکول ماہرنفسیات
- اسکول سماجی کارکن

**FCPS مرکزی دفاتر**

والدین اور اسکول کا عملہ مدد کے لیے FCPS کے مرکزی دفاتر سے رابطہ کر سکتے ہیں ۔ عملہ اسکولوں ، والدین ، اور مرکزی دفتر کے دیگر محکموں کے ساتھ مل کر کام کرے گا تاکہ سوالات کے جوابات اور خدشات کو دُور کیا جا سکے ۔

**آفس آف ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز**

Webpage: https://www.fcps.edu/node/33070

Phone: (571) 423-4740

**آفس آف_ اسپیشل ایجوکیشن انسٹرکشن**

Webpage: https://www.fcps.edu/node/28804

Phone: (571) 423-4100

**آفس آف دی فیملی اینڈ اسٹوڈنٹ اومبڈس**

Webpage: https://www.fcps.edu/ombuds

Phone: 571-423-4014

**آفس آف اسپیشل ایجوکیشن پروسیجرل سپورٹ**

Webpage: https://www.fcps.edu/node/32894

Phone: 571-423-4290

**پروسیجرل سپورٹ لیژونز (بائی پیرامیڈ)**

Webpage: https://www.fcps.edu/node/31223

Phone: 571-423-4290

**ریجنل آفس انکوائریز**

Webpage :https://www.fcps.edu/contact-us

## FCPS قابلِ پرنٹ وسائل و ماخذ

- 2e طالبعلموں کی خصوصیات <https://www.fcps.edu/node/37839>
- 2e طالبعلموں کے متعلق عام مغالطے <https://www.fcps.edu/node/38286>
- گھر اور اسکول کے درمیان رابطے کی تجاویز <https://www.fcps.edu/node/37840>
- طرزعمل اور خیروعافیت کیلئے اسکول میں اصلاحی پروگرامز <https://www.fcps.edu/node/37842>
- ہوم ورک اور کلاس ورک میں مدد کی حکمت عملیاں <https://www.fcps.edu/node/37846>
- 2e اسٹوڈنٹس ود آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر (ASD) <https://www.fcps.edu/node/37841>_
- 2e طالبعلموں کی سماجی و جذباتی ضروریات میں اعانت <https://www.fcps.edu/node/37843>

## FCPS ویب وسائل و ماخذ

- ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز <https://www.fcps.edu/node/33070>
- ڈسلیکسیا ہینڈ بک <https://www.fcps.edu/node/33285>
- فیملی ریسورس سینٹر <https://www.fcps.edu/node/34437>
- اسپیشل ایجوکیشن انسٹرکشن <https://www.fcps.edu/node/28038>

## كتابیں

- *Interventions that Work with Special Populations in Gifted Education* by Ariel Baska & Joyce VanTassel-Baska
- *School Success for Kids with High-functioning Autism* by Stephan Silverman
- *Smart Kids with Learning Difficulties* by Rich Weinfeld
- *Supporting and Educating Bright and Creative Student with :Twice Exceptional Learning Difficulties* by Scott Barry Kaufman

## وسائل وماخذ

- 8 Steps to Help Your Child Learn Problem Solving Skills <https://tinyurl.com/8-steps-wendt>
- Identifying Gifted and Talented English Language Learners (PDF) <https://tinyurl.com/ell-pdf>
- Supporting the Identification and Achievement of The Twice-Exceptional Student (PDF) <https://tinyurl.com/vdoe-pdf>
- Problem Solving: How to Teach Young Children <https://tinyurl.com/problem-solving-2023>
- Promoting Problem Solving <https://tinyurl.com/problem-solving-vkrp>

## 2e کمیونیٹیز

- 2e News <https://www.2enews.com/>
- Davidson Institute for Talent Development <https://www.davidsongifted.org/>
- National Association for Gifted Children (NAGC) <https://nagc.org/>
- Understood: for learning and attention issues <https://www.understood.org/>